ختم نبوت ﷺ زندہ باد　　　　　　　　　　　　عظمت صحابہ زندہ باد

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ:

معزز ممبران: آپ کا وٹس ایپ گروپ ایڈ من "**اردو بکس**" آپ سے مخاطب ہے۔

آپ تمام ممبران سے گزارش ہے کہ:

- ❖ گروپ میں صرف PDF کتب پوسٹ کی جاتی ہیں لہذا کتب کے متعلق اپنے کمنٹس / ریویوز ضرور دیں۔ گروپ میں بغیر ایڈ من کی اجازت کے کسی بھی قسم کی (اسلامی وغیر اسلامی، اخلاقی، تحریری) پوسٹ کرنا سختی سے منع ہے۔
- ❖ گروپ میں معزز، پڑھے لکھے، سلجھے ہوئے ممبرز موجود ہیں اخلاقیات کی پابندی کریں اور گروپ رولز کو فالو کریں بصورت دیگر معزز ممبرز کی بہتری کی خاطر ریموو کر دیا جائے گا۔
- ❖ کوئی بھی ممبر کسی بھی ممبر کو انباکس میں میسیج، مس کال، کال نہیں کرے گا۔ رپورٹ پر فوری ریموو کر کے کاروائی عمل میں لائے جائے گی۔
- ❖ ہمارے کسی بھی گروپ میں سیاسی و فرقہ واریت کی بحث کی قطعاً کوئی گنجائش نہیں ہے۔
- ❖ اگر کسی کو بھی گروپ کے متعلق کسی قسم کی شکایت یا تجویز کی صورت میں ایڈ من سے رابطہ کیجئے۔
- ❖ سب سے اہم بات:

گروپ میں کسی بھی قادیانی، مرزائی، احمدی، گستاخِ رسول، گستاخِ امہات المؤمنین، گستاخِ صحابہ و خلفائے راشدین حضرت ابو بکر صدیق، حضرت عمر فاروق، حضرت عثمان غنی، حضرت علی المرتضیٰ، حضرت حسنین کریمین رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین، گستاخ اہلبیت یا ایسے غیر مسلم جو اسلام اور پاکستان کے خلاف پراپیگنڈا میں مصروف ہیں یا ان کے روحانی و ذہنی سپورٹرز کے لئے کوئی گنجائش نہیں ہے لہذا ایسے اشخاص بالکل بھی گروپ جوائن کرنے کی زحمت نہ کریں۔ معلوم ہونے پر فوراً ریموو کر دیا جائے گا۔

- ❖ تمام کتب انٹرنیٹ سے تلاش / ڈاؤنلوڈ کر کے **فری آف کاسٹ** وٹس ایپ گروپ میں شیئر کی جاتی ہیں۔ جو کتاب نہیں ملتی اس کے لئے معذرت کر لی جاتی ہے۔ جس میں محنت بھی صَرف ہوتی ہے لیکن ہمیں آپ سے صرف دعاؤں کی درخواست ہے۔
- ❖ عمران سیریز کے شوقین کیلئے علیحدہ سے عمران سیریز گروپ موجود ہے۔
- ❖ **لیڈیز کے لئے الگ گروپ کی سہولت موجود ہے جس کے لئے ویریفکیشن ضروری ہے۔**
- ❖ اردو کتب / عمران سیریز یا سٹڈی گروپ میں ایڈ ہونے کے لئے ایڈ من سے وٹس ایپ پر بذریعہ میسیج رابطہ کریں اور جواب کا انتظار فرمائیں۔ برائے مہربانی اخلاقیات کا خیال رکھتے ہوئے موبائل پر کال یا ایم ایس کرنے کی کوشش ہر گز نہ کریں۔ ورنہ گروپس سے تو ریموو کیا ہی جائے گا بلاک بھی کیا جائے گا۔

نوٹ: ہمارے کسی گروپ کی کوئی فیس نہیں ہے۔ سب فی سبیل اللہ ہے

0306-7163117	0343-7008883	0333-8033313
محمد سلمان سلیم	پاکستان زندہ باد	راؤ ایاز

پاکستان زندہ باد　　　　　　　　　　**پاکستان پائندہ باد**

اللہ تبارک تعالیٰ ہم سب کا حامی و ناصر ہو

للشیخ محمد بن سلیمان الجزولی رحمہ اللہ

تصحیح و ترتیب

مفتی سعد عبدالرزاق

فاضل جامعہ فاروقیہ

متخصص جامعۃ العلوم الاسلامیہ

علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

کتاب کا نام ——— دلائل الخیرات

تاریخ اشاعت ——— ۲۰۱۷ء

صفحات ——— ۲۳۷

ترتیب ——— مفتی سعد عبد الرزاق

باہتمام ——— نبیل احمد

ناشر

المیزاب پبلشرز

کراچی، پاکستان

فہرست

عرض مرتب

اولیاء اللہ کا قول ہے کہ ہم نے جو کچھ پایا وہ درود شریف کی بدولت ہی پایا اور ظاہر ہے کہ نجات اور تمام بھلائیوں کا سب سے بڑا سبب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وجود بابرکت ہی ہے جن کے سر مبارک پر اللہ تعالیٰ نے محبوبیت کا تاج سجایا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ وسلام بھیجنا تمام خوبیوں اور بھلائیوں کی کنجی ہے، صلوٰۃ وسلام پر ہر زمانے کے اہل اللہ نے کتابیں تالیف کیں، مگر حضرت سید احمد بن سلیمان جزولی رحمہ اللہ کی تالیف **دلائل الخیرات** کو جو قبولیت حاصل ہوئی وہ اپنی مثال آپ ہے، بلاد عرب وعجم اور تمام اطراف عالم میں اس کی قراءت جاری وساری ہے، اگرچہ درود وسلام کے لئے کسی کی اجازت ضروری نہیں مگر تسلسل کی امتیازی وخصوصی شان کی وجہ سے کسی اللہ والے کی اجازت سے درود شریف پڑھنا یقیناً زیادتی نفع کا سبب بنے گا، اسی وجہ سے بندہ نے اپنی سند کتاب کے شروع میں درج کردی ہے، تمام پڑھنے والوں سے گزارش ہے کہ اپنے معمولات میں اس کتاب کو شامل کریں اور بندہ کو اور جملہ معاونین کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں دوران قراءت اگر کسی غلطی کی طرف توجہ ہو تو بندہ کو مطلع کریں یہ آپ کا بندہ پر احسان ہوگا۔

فقط والسلام

سعد عبدالرزاق

+92 321 2022205

چند ضروری ہدایات

① دلائل شریف کا ورد کرتے ہوئے وہی نیت کی جائے جو دعاء النیة میں مذکور ہے صرف کتاب کی تلاوت مقصود نہ بنائی جائے بلکہ مقصود آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں درود شریف کا ہدیہ پیش کرنا ہو اور اس کتاب کو اس کے لئے ذریعہ سمجھا جائے۔

② درود شریف کے فضائل میں قرآن حکیم اور صحیح احادیث مبارکہ میں وارد نصوص پیش نظر رکھے جائیں، پڑھتے وقت اخلاص وادب کے ساتھ ان فضائل کا استحضار، شعور واحساس بے حد مفید ہے۔

③ دلائل کا ورد ہمارے مشائخ کا معمول رہا ہے، حضرت حاجی امداد اللہ مکی رحمہ اللہ کے بارے میں معروف ہے کہ آپ سفر وحضر میں ہمیشہ تین کتابیں، قرآن شریف، مثنوی شریف اور دلائل الخیرات اپنے ساتھ رکھتے تھے، اور حضرت بنوری رحمہ اللہ فرمایا کرتے تھے کہ دلائل کا ورد ایک کامل متبع سنت مرشد کے ہاتھ پر بیعت کا کام دیتا ہے، حضرت والا کے ارشاد کی تائید اس سے بھی ہوتی ہے کہ صحیح حدیث میں وارد ہے کہ

مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ مَرَّةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرًا

جو مجھ پر ایک بار درود بھیجتا ہے اللہ اس پر دس بار رحمت نازل فرماتا ہے

اور دارمی شریف کی روایت میں ہے:

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَمَلآئِكَتُهٗ سَبْعِيْنَ مَرَّةً

اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے اس پر ستر بار رحمت نازل فرماتے ہیں

اور قرآن کریم میں ہے:

هُوَ الَّذِیْ یُصَلِّیْ عَلَیْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ
لِیُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ

وہ ذات (اللہ تعالیٰ) اور اس کے فرشتے تم پر رحمت نازل فرماتے ہیں

تا کہ تمہیں (جہالت کی) اندھیریوں سے (ایمان کے) نور کی طرف

لے جائیں۔

حدیث شریف کے مطابق درود شریف پڑھنے والے پر اللہ تعالیٰ اور فرشتوں کی طرف سے صلوۃ کا نزول ہوتا ہے اور قرآن شریف سے معلوم ہوا کہ جس شخص پر اللہ تعالیٰ اور فرشتوں کی طرف سے صلوۃ کا نزول ہوتا ہے وہ ہر قسم کی ظلمات (شرک، کفر، فسق، نفاق، غفلت وغیرہ) سے نکل کر نور (ایمان، توحید، اخلاص، یقین، طاعت وغیرہ) میں داخل کر دیا جاتا ہے اور بیعت سے بھی یہی مقصود ہوا کرتا ہے۔

۴ کوئی بھی ذکر ہو اس پر مداومت بہت مفید ہوتی ہے خصوصاً درود شریف کا ورد پابندی کے ساتھ کیا جائے ناغہ کی صورت میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قلب اقدس کی پریشانی کا احتمال ہے والعیاذ باللہ، حدیث شریف میں وارد ہوا

ہے کہ درود وسلام پڑھتے وقت آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی روح مبارک پڑھنے والے کی طرف متوجہ ہوتی ہے اور شرف جواب سے سرفراز کیا جاتا ہے یہ وہ نعمت عظمیٰ ہے جس کے مقابلے میں ایک عاشق کی نظر میں ہفت اقلیم تو کیا ہشت بہشت بھی ہیچ ہیں، اس عظیم نعمت سے محرومی اور محبوب رب کائنات حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو درود وسلام بھیجنے میں کوتاہی کرنا قانون عشق ومحبت کی نگاہ میں کتنے بڑے نقصان وخسارے کا سبب ہے اور کتنا بڑا جرم ہے اس کا تصور کرنا بھی محال ہے، اس لئے حتی الامکان اس بات کی کوشش کی جائے کہ پابندی اور اہتمام کے ساتھ درود شریف کا ورد کیا جائے۔

۵ بہتر یہ ہے کہ اپنے شیخ محترم یا کسی ایسے مستند بزرگ جن کو دلائل پڑھنے کی مشائخ سے اجازت حاصل ہو، ان کی اجازت سے دلائل شریف کا ورد کیا جائے۔

چند ضروری وضاحتیں

دلائل الخیرات کے بعض الفاظ میں ہوسکتا ہے کسی کو کچھ تردد ہو اس لئے چند وضاحتی جملے عرض خدمت ہیں:

۱ اسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں رحمت، غیاث یا کاشف الکرب قسم کے جو الفاظ آئے ہیں اگر خلجان ہو تو انہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی دنیا میں حیات طیبہ اور حشر میں آنے والی حالت پر محمول کر لیا جائے۔

۲ وَنُوْرًا عَلٰى نُوْرِهِ الَّذِيْ مِنْهُ خَلَقْتَهٗ کو عالم ارواح میں خلق

پر محمول کیا جائے یا اس کا تعلق روح سے جوڑ دیں نہ کہ خلق جسم اطہر سے۔

۳ خطاب وندا کا جہاں ذکر ہو وہاں یہ تصور کیا جائے کہ میری آواز فرشتے خدمت اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں پہنچا رہے ہیں یا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنے ذہن اور اپنے تصور میں لا کر خطاب کریں یا اپنے آپ کو روضۂ اقدس پر حاضر تصور کر کے پڑھیں۔

۴ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنَ الرَّحْمَةِ شَیْءٌ وغیرہ میں صفات خداوندی کی محدودیت کا جو شبہ پیدا ہوتا ہے اس کے کئی جواب ہیں اول یہ الفاظ ماثور ہیں سمجھ میں نہ آئے تو متشابہات میں سے سمجھیں، ثانیاً ان الفاظ سے حقیقی معنی مراد نہیں بلکہ یہ کثرت سے کنایہ ہے جیسا کی سبعین (ستر) وغیرہ محدود عدد کے الفاظ کثرت سے کنایہ کے لئے آتے ہیں۔ ثالثاً رحمت برکت، سلام وغیرہ صفات کے افراد تو لا متناہی ہیں لیکن انواع متناہی ہیں یہاں تناہی انواع مراد ہے نہ کہ تناہی افراد۔

لیکن ان تمام گزارشات کے باوجود اگر کسی صاحب علم قاری کو کسی عبارت سے اطمینان خاطر نہ ہو تو وہ اسے نہ پڑھے، ہمارے بزرگوں میں اس کی بعض مثالیں موجود ہیں کہ وہ بعض موہم عبارتوں کو نہیں پڑھا کرتے تھے۔

کتاب پڑھنے کا طریقہ

دلائل الخیرات کو آٹھ منزلوں میں تقسیم کیا گیا پہلی منزل پیر کے دن سے شروع ہوتی ہے اور آٹھویں منزل پیر کے دن ہی اختتام کو پہنچتی ہے گویا پیر کے دن دو منزلیں پہلی اور آخری پڑھی جائیں گی، روزانہ کی منزل پڑھنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اسماء مبارکہ، روضہ مبارکہ کی صفت اور دعاء نیت کو پڑھا جائے اور پھر منزل شروع سے آخر تک پڑھی جائے۔

اَجَازَنِیْ الشَّیْخُ وَاصِفُ بْنُ مَنْظُوْرٍ رَّحِمَهُ اللهُ تَعَالٰی

میرے حضرت اور میرے شیخ واصف منظور صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے مجھے دلائل الخیرات پڑھنے کی

وَاَیْضًا

اجازت مرحمت فرمائی اور اسی طرح

اَجَازَنِیْ الشَّیْخُ شَمْسُ الرَّحْمٰنِ اَدَامَ اللهُ بَرَکَاتِهٖ

مجھے اجازت دی مولانا شمس الرحمن صاحب نے اللہ تعالیٰ ان کی برکات کو دوام بخشے

وَمَتَّعَنَا بِطُوْلِ حَیَاتِهٖ وَاَجَازَهُ الشَّیْخُ فَضَل مُحَمَّد

اور ان کو لمبی زندگی عطا فرما کر ہمیں ان سے مستفید فرمائے اور انہیں اجازت دی شیخ فضل محمد نے

وَاَجَازَهُ الشّیْخُ مُحَمَّد قَمَر (جورہ شریف) وَاَجَازَهُ

اور انہیں اجازت دی شیخ محمد قمر جورہ شریف والوں نے اور انہیں اجازت دی

الشَّیْخُ وَلِیْ اَحْمَد (سنڈا کی بابا جی) وَاَجَازَهُ الشَّیْخُ

شیخ ولی محمد المعروف سنڈا کی بابا نے اور انہیں اجازت دی

عَبْدُالْحَقِّ عَنِ الشَّیْخِ عَلِیِّ بْنِ یُوْسُفَ الْبَاشِلِیِّ

شیخ عبدالحق نے اور وہ روایت کرتے ہیں شیخ علی بن یوسف الباشلی المدنی سے

الْمَدَنِيِّ عَنِ الشَّيْخِ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ نِ الْمُدْغِرِي عَنِ

اور وہ روایت کرتے ہیں شیخ احمد بن محمد المدغری سے اور وہ روایت کرتے ہیں

الشَّيْخِ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ الْمُثَنّٰى عَنِ الشَّيْخِ اَحْمَدَ بْنِ

شیخ محمد بن احمد المثنی سے اور وہ روایت کرتے ہیں شیخ احمد بن الحاج سے

الْحَاجِّ عَنِ الشَّيْخِ اَحْمَدَ الْمُقْرِيِّ عَنِ الشَّيْخِ

اور وہ روایت کرتے ہیں شیخ احمد المقری سے اور وہ روایت کرتے ہیں

عَبْدِ الْقَادِرِ الْفَاسِي عَنِ الشَّيْخِ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي الْعَبَّاسِ

شیخ عبدالقادر الفاسی سے اور وہ روایت کرتے ہیں شیخ احمد بن ابی العباس سے

عَنِ الشَّيْخِ السُّمْلَالِي عَنِ الشَّيْخِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ

اور وہ روایت کرتے ہیں شیخ السملالی سے اور وہ روایت کرتے ہیں

التَّبَّاعِ عَنِ الشَّيْخِ الْاِمَامِ الْمُؤَلِّفِ مُحَمَّدِ بْنِ

شیخ عبدالعزیز التباع سے اور وہ روایت کرتے ہیں اس کتاب کے مؤلف

سُلَيْمَانَ الْجَزُوْلِي الشَّاذِلِي رَحِمَهُمُ اللهُ تَعَالٰى

حضرت شیخ امام محمد بن سلیمان الجزولی الشافعی سے اللہ تعالیٰ ان سب پر اپنی رحمت نازل فرمائے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ الْحَقُّ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

اے اللہ تو بادشاہ ہے برحق ہے تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں

یَا اللّٰهُ جَلَّ جَلَالُهٗ	یَا رَحْمٰنُ جَلَّ جَلَالُهٗ	یَا رَحِيْمُ جَلَّ جَلَالُهٗ
اے اللہ	اے بڑے مہربان	اے نہایت رحم کرنے والے
یَا مَلِكُ جَلَّ جَلَالُهٗ	یَا قُدُّوْسُ جَلَّ جَلَالُهٗ	یَا سَلَامُ جَلَّ جَلَالُهٗ
اے حقیقی بادشاہ	اے بہت پاک ذات	اے سلامتی عطا کرنے والے
یَا مُؤْمِنُ جَلَّ جَلَالُهٗ	یَا مُهَيْمِنُ جَلَّ جَلَالُهٗ	یَا عَزِيْزُ جَلَّ جَلَالُهٗ
اے امن عطا کرنے والے	اے نگہبان	اے سب پر غالب ذات
یَا جَبَّارُ جَلَّ جَلَالُهٗ	یَا مُتَكَبِّرُ جَلَّ جَلَالُهٗ	یَا خَالِقُ جَلَّ جَلَالُهٗ
اے ٹوٹے دلوں کو جوڑنے والے	اے بڑائی والے	اے ہر چیز کو پیدا کرنے والے
یَا بَارِئُ جَلَّ جَلَالُهٗ	یَا مُصَوِّرُ جَلَّ جَلَالُهٗ	یَا غَفَّارُ جَلَّ جَلَالُهٗ
اے کائنات کو بنانے والے	اے صورت بنانے والے	اے بخشنے والے
یَا قَهَّارُ جَلَّ جَلَالُهٗ	یَا وَهَّابُ جَلَّ جَلَالُهٗ	یَا رَزَّاقُ جَلَّ جَلَالُهٗ
اے غلبہ والے	اے عطا کرنے والے	اے روزی دینے والے

یَا فَتَّاحُ جل جلالہ	یَا عَلِیْمُ جل جلالہ	یَا قَابِضُ جل جلالہ
اے نعمتوں کے دروازے کھولنے والے	اے سب کچھ جاننے والے	اے روکنے والے
یَا بَاسِطُ جل جلالہ	یَا خَافِضُ جل جلالہ	یَا رَافِعُ جل جلالہ
اے خیر کے دروازوں کو کھولنے والے	اے پست کرنے والے	اے بلند فرمانے والے
یَا مُعِزُّ جل جلالہ	یَا مُذِلُّ جل جلالہ	یَا سَمِیْعُ جل جلالہ
اے عزت دینے والے	اے ذلت دینے والے	اے سننے والے
یَا بَصِیْرُ جل جلالہ	یَا حَکَمُ جل جلالہ	یَا عَدْلُ جل جلالہ
اے دیکھنے والے	اے فیصلہ فرمانے والے	اے انصاف کرنے والے
یَا لَطِیْفُ جل جلالہ	یَا خَبِیْرُ جل جلالہ	یَا حَلِیْمُ جل جلالہ
اے بڑے مہربان	اے خبر رکھنے والے	اے بردبار
یَا عَظِیْمُ جل جلالہ	یَا غَفُوْرُ جل جلالہ	یَا شَکُوْرُ جل جلالہ
اے عظمت والے	اے بخشنے والے	اے قدردان
یَا عَلِیُّ جل جلالہ	یَا کَبِیْرُ جل جلالہ	یَا حَفِیْظُ جل جلالہ
اے بلند رتبہ والے	اے سب مخلوق سے بڑے	اے حفاظت کرنے والے
یَا مُقِیْتُ جل جلالہ	یَا حَسِیْبُ جل جلالہ	یَا جَلِیْلُ جل جلالہ
اے قدرت عطا فرمانے والے	اے وہ ذات جو سب کے لئے کافی ہے	اے سب سے بزرگ
یَا کَرِیْمُ جل جلالہ	یَا رَقِیْبُ جل جلالہ	یَا مُجِیْبُ جل جلالہ
اے کرم کرنے والے	اے نگہبانی کرنے والے	اے دعاؤں کو قبول کرنے والے

یَا وَاسِعُ جَلَّ جَلَالُہٗ	یَا حَکِیْمُ جَلَّ جَلَالُہٗ	یَا وَدُوْدُ جَلَّ جَلَالُہٗ
اے فراخی عطا کرنے والے	اے حکمت والے	اے بہت زیادہ محبت کرنے والے
یَا مَجِیْدُ جَلَّ جَلَالُہٗ	یَا بَاعِثُ جَلَّ جَلَالُہٗ	یَا شَھِیْدُ جَلَّ جَلَالُہٗ
اے بزرگی والے	اے رسولوں کو بھیجنے والے	اے گواہ
یَا حَقُّ جَلَّ جَلَالُہٗ	یَا وَکِیْلُ جَلَّ جَلَالُہٗ	یَا قَوِیُّ جَلَّ جَلَالُہٗ
اے برحق	اے کارساز	اے قوت والے
یَا مَتِیْنُ جَلَّ جَلَالُہٗ	یَا وَلِیُّ جَلَّ جَلَالُہٗ	یَا حَمِیْدُ جَلَّ جَلَالُہٗ
اے مضبوط	اے دوست	اے حمد وثناء کے لائق
یَا مُحْصِیُ جَلَّ جَلَالُہٗ	یَا مُبْدِیُٔ جَلَّ جَلَالُہٗ	یَا مُعِیْدُ جَلَّ جَلَالُہٗ
اے ہر چیز کو گھیرنے والے	اے آغاز کرنے والے	اے دوبارہ زندگی عطا کرنے والے
یَا مُحْیِ جَلَّ جَلَالُہٗ	یَا مُمِیْتُ جَلَّ جَلَالُہٗ	یَا حَیُّ جَلَّ جَلَالُہٗ
اے زندہ کرنے والے	اے موت دینے والے	اے زندہ
یَا قَیُّوْمُ جَلَّ جَلَالُہٗ	یَا وَاجِدُ جَلَّ جَلَالُہٗ	یَا مَاجِدُ جَلَّ جَلَالُہٗ
اے ہمیشہ رہنے والے	اے پانے والے	اے بزرگ ذات
یَا وَاحِدُ جَلَّ جَلَالُہٗ	یَا اَحَدُ جَلَّ جَلَالُہٗ	یَا صَمَدُ جَلَّ جَلَالُہٗ
اے اکیلے	اے تنہا	اے بے نیاز
یَا قَادِرُ جَلَّ جَلَالُہٗ	یَا مُقْتَدِرُ جَلَّ جَلَالُہٗ	یَا مُقَدِّمُ جَلَّ جَلَالُہٗ
اے قدرت رکھنے والے	اے تقدیر بنانے والے	اے آگے بڑھانے والے

يَا مُؤَخِّرُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا اَوَّلُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا اٰخِرُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا ظَاهِرُ جَلَّ جَلَالُهٗ
اے پیچھے کرنے والے	اے اول	اے آخر	اے ظاہر
يَا بَاطِنُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا وَالِ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا مُتَعَالِ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا بَرُّ جَلَّ جَلَالُهٗ
اے باطن (پوشیدہ)	اے وارث	اے سب سے برتر	اے نیکوں کی مدد فرمانے والے
يَا تَوَّابُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا مُنْعِمُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا مُنْتَقِمُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا عَفُوُّ جَلَّ جَلَالُهٗ
اے توبہ قبول فرمانے والے	اے نعمتیں عطا کرنے والے	اے بدلہ لینے والے	اے معاف فرمانے والے
يَا رَءُوْفُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا مَالِكَ الْمُلْكِ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ جَلَّ جَلَالُهٗ	
اے بہت مہربان	اے دو جہاں کے مالک	اے بزرگی اور اکرام والے	
يَا رَبُّ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا مُقْسِطُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا جَامِعُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا غَنِيُّ جَلَّ جَلَالُهٗ
اے رب	اے انصاف فرمانے والے	اے سب کو جمع فرمانے والے	اے بے نیاز
يَا مُغْنِيُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا مُعْطِيُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا مَانِعُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا ضَآرُّ جَلَّ جَلَالُهٗ
اے بے نیاز فرمانے والے	اے عطا فرمانے والے	اے باز رکھنے والے	اے نقصان دینے والے
يَا نَافِعُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا نُوْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا هَادِيُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا بَدِيْعُ جَلَّ جَلَالُهٗ
اے نفع دینے والے	اے روشنی والے	اے رہنمائی فرمانے والے	اے از سر نو پیدا کرنے والے
يَا بَاقِيُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا وَارِثُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا رَشِيْدُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا صَبُوْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ
اے ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے	اے مالک	اے صحیح تدبیر کرنے والے	اے بہت زیادہ تحمل والے
يَا صَادِقُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا سَتَّارُ جَلَّ جَلَالُهٗ		
اے سچے	اے عیبوں کو چھپانے والے		

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بے حد مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

اِلٰهِىْ بِجَاهِ نَبِيِّكَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اے اللہ اپنے نبی مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس منصب کے طفیل جو ہمارے سردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تیری بارگاہ میں

عِنْدَكَ وَمَكَانَتِهٖ لَدَيْكَ وَ مَحَبَّتِكَ لَهٗ وَمَحَبَّتِهٖ لَكَ

حاصل ہے اور تیری اس محبت کے طفیل جو تجھے ان کے ساتھ ہے اور اس محبت کے صدقے جو انہیں تیرے ساتھ ہے

وَبِالسِّرِّ الَّذِىْ بَيْنَكَ وَ بَيْنَهٗ اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّىَ وَتُسَلِّمَ

اور اس راز و نیاز کے واسطے جو تیرے اور ان کے درمیان ہے میں تیری بارگاہ میں سوال کرتا ہوں کہ تو ان پر

عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَضَاعِفِ اللّٰهُمَّ مَحَبَّتِىْ فِيْهِ

ان کی آل واصحاب پر درود وسلام بھیج اے اللہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ میری محبت میں اضافہ فرما اور مجھے

وَعَرِّفْنِىْ بِحَقِّهٖ وَرُتَبِهٖ وَوَفِّقْنِىْ لِاِتِّبَاعِهٖ وَالْقِيَامِ بِاَدَبِهٖ

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حقوق اور مراتب کی معرفت عطا فرما اور مجھے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اتباع، آپ کی بارگاہ کے آداب

وَسُنَّتِهٖ وَاجْمَعْنِىْ عَلَيْهِ وَمَتِّعْنِىْ بِرُؤْيَتِهٖ وَاَسْعِدْنِىْ

اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت پر عمل کی توفیق عطا فرما اور مجھے آپ کی بارگاہ میں حاضری اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دیدار

بِمُكَالَمَتِهٖ وَارْفَعْ عَنِّى الْعَوَآئِقَ وَالْعَلَآئِقَ وَالْوَسَآئِطَ وَالْحِجَابَ

کے شرف سے مشرف فرما اور مجھے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہم کلام ہونے کی سعادت نصیب فرما اور مجھ سے تمام رکاوٹوں،

وَشَنِّفْ سَمْعِىْ مَعَهٗ بِلَذِيْذِ الْخِطَابِ وَهَيِّئْنِىْ لِلتَّلَقِّىْ مِنْهُ

تعلقات، واسطوں اور حجابات کو دور فرمادے اور میرے کانوں کو آپ کے ساتھ کئے جانے والے دلکش خطاب سنوادے

وَاَهِّلْنِيْ لِخِدْمَتِهٖ وَاجْعَلْ صَلَاتِيْ عَلَيْهِ نُوْرًا نَيِّرًا كَامِلًا

اور مجھ میں آپ سے ملاقات کی استعداد پیدا فرمادے اور مجھے آپ کی خدمت گزاری کا اہل بنادے اور آپ کی بارگاہ

مُكَمِّلًا طَاهِرًا مُطَهِّرًا مَاحِيًا كُلَّ ظُلْمٍ وَظُلْمَةٍ وَشَكٍّ

میں پیش کئے جانے والے میرے درود شریف کو چمکتا دمکتا، کامل و مکمل، طاہر و مطہر نور بنادے جو ہر ظلم و ظلمت،

وَشِرْكٍ وَكُفْرٍ وَزُوْرٍ وَوِزْرٍ وَاجْعَلْهَا سَبَبًا لِلتَّمْحِيْضِ وَمَرْقًى

شک و شرک جھوٹ اور گناہ اور کفر کو مٹادے اور میرے اس درود شریف کو میرے لئے خلوص و ترقی کا سبب بنادے

لِاَنَالَ بِهَا اَعْلٰى مَقَامِ الْاِخْلَاصِ وَالتَّخْصِيْصِ حَتّٰى لَا يَبْقٰى

تاکہ میں اس کے ذریعہ اخلاص و تخصیص کے اعلیٰ مقام تک رسائی حاصل کروں یہاں تک کہ مجھ میں تیرے غیر کی

فِيَّ رَبَّانِيَّةٌ لِّغَيْرِكَ وَحَتّٰى اَصْلُحَ لِحَضْرَتِكَ وَاَكُوْنَ مِنْ

عبادت کی صلاحیت باقی نہ رہے اور یہاں تک کہ میں تیری بارگاہ میں حاضری کے لائق ہو جاؤں اور تیرے

اَهْلِ خُصُوْصِيَّتِكَ مُسْتَمْسِكًا بِاَدَبِهٖ وَسُنَّتِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

مخصوص بندوں میں شامل ہو جاؤں ادب اور سنت کے تقاضوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے ان سے چمٹ اور لپٹ جاؤں

وَسَلَّمَ مُسْتَمِدًّا مِنْ حَضْرَتِهِ الْعَالِيَةِ فِيْ كُلِّ وَقْتٍ وَحِيْنٍ

ان پر اللہ کی طرف سے درود و سلام ہو اور میں ان کی بارگاہ کی برکت سے ہمہ وقت اور ہر زمانے میں تجھ سے مدد طلب کرتا رہوں

يَا اَللّٰهُ يَا نُوْرُ يَا حَقُّ يَا مُبِيْنُ يَا اَللّٰهُ يَا نُوْرُ يَا حَقُّ يَا مُبِيْنُ

اے اللہ اے نور اے حق اے مبین اے اللہ اے نور اے حق اے مبین

يَا اَللّٰهُ يَا نُوْرُ يَا حَقُّ يَا مُبِيْنُ

اے اللہ اے نور اے حق اے مبین

قَالَ اللّٰہُ عَزَّ وَجَلَّ ﴿ اِنَّ اللّٰہَ وَمَلَائِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ ط

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ: بے شک اللہ اور اس کے فرشتے نبی (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) پر درود بھیجتے ہیں

یَآ اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ﴾

تو اے ایمان والو تم بھی نبی (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) پر درود و سلام بھیجو

لَبَّیْكَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی مَنِ اسْمُہٗ سَیِّدُنَا

اے اللہ میں حاضر ہوں، اے اللہ صلوٰۃ وسلام اور برکتیں نازل فرما اس ذات پر جن کا نام سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہے،

مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَیِّدُنَا اَحْمَدُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَیِّدُنَا

ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو اللہ کی خوب تعریف کرنے والے ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو اللہ کی تعریف کرنے والے ہیں،

حَامِدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَیِّدُنَا مَحْمُوْدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَیِّدُنَا اَحِیْدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو تعریف کے لائق ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو (دوزخ سے) برطرف کرنے والے ہیں

سَیِّدُنَا وَحِیْدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَیِّدُنَا مَاحٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَیِّدُنَا حَاشِرٌ

ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو یکتائے زمانہ ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو کفر کو مٹانے والے ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَیِّدُنَا عَاقِبٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَیِّدُنَا طٰہٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَیِّدُنَا

محشر میں لانے والے ہیں، ہمارے آقا جو سب نبیوں کے بعد آنے والے ہیں صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم، ہمارے آقا طٰہٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم،

یٰسٓ ﷺ سَیِّدُنَا طَاهِرٌ ﷺ سَیِّدُنَا مُطَهَّرٌ ﷺ

ہمارے آقا یٰسٓ ﷺ، ہمارے آقا ﷺ جو پاکیزہ ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو مطہر ہیں،

سَیِّدُنَا طَیِّبٌ ﷺ سَیِّدُنَا سَیِّدٌ ﷺ سَیِّدُنَا رَسُولٌ

ہمارے آقا ﷺ جو طیب ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو سردار ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو رسول ہیں،

ﷺ سَیِّدُنَا نَبِیٌّ ﷺ سَیِّدُنَا رَسُولُ الرَّحْمَةِ ﷺ

ہمارے آقا ﷺ جو نبی ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو رسول رحمت ہیں،

سَیِّدُنَا جَامِعٌ ﷺ سَیِّدُنَا قَیِّمٌ ﷺ سَیِّدُنَا مُقْتَفٍ

ہمارے آقا ﷺ جو جامع ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو نگہبان ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو خاتم الرسل،

ﷺ سَیِّدُنَا مُقَفٍّ ﷺ سَیِّدُنَا رَسُولُ الْمَلَاحِمِ

ہمارے آقا ﷺ جو سب انبیاء سے آخر میں آنے والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو معرکوں والے ہیں،

ﷺ سَیِّدُنَا رَسُولُ الرَّاحَةِ ﷺ سَیِّدُنَا كَامِلٌ

ہمارے آقا ﷺ جو رسول راحت ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو صاحب کمال ہیں،

ﷺ سَیِّدُنَا اِكْلِیلٌ ﷺ سَیِّدُنَا مُدَّثِّرٌ ﷺ

ہمارے آقا ﷺ جو تاج ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو مدثر ہیں،

سَیِّدُنَا مُزَّمِّلٌ ﷺ سَیِّدُنَا عَبْدُ اللّٰهِ ﷺ سَیِّدُنَا

ہمارے آقا ﷺ جو مزمل ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو اللہ کے بندے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو

حَبِیْبُ اللّٰهِ ﷺ سَیِّدُنَا صَفِیُّ اللّٰهِ ﷺ سَیِّدُنَا

اللہ کے حبیب ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو اللہ کے برگزیدہ ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو

نَجِيُّ اللهِ ﷺ سَيِّدُنَا كَلِيمُ اللهِ ﷺ سَيِّدُنَا

اللہ کے ہمراز ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو اللہ سے باتیں کرنے والے ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو

خَاتَمُ الْاَنْبِيَآءِ ﷺ سَيِّدُنَا خَاتَمُ الرُّسُلِ ﷺ

آخری نبی ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو آخری رسول ہیں،

سَيِّدُنَا مُحْيٍ ﷺ سَيِّدُنَا مُنْجٍ ﷺ سَيِّدُنَا مُذَكِّرٌ

ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو دین کو زندہ کرنے والے ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو نجات دہندہ ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو

ﷺ سَيِّدُنَا نَاصِرٌ ﷺ سَيِّدُنَا مَنْصُوْرٌ ﷺ

نصیحت کرنے والے ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو مددگار ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو مدد یافتہ ہیں،

سَيِّدُنَا نَبِيُّ الرَّحْمَةِ ﷺ سَيِّدُنَا نَبِيُّ التَّوْبَةِ ﷺ

ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو رحمت والے نبی ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو توبہ کے دروازے کھولنے والے نبی ہیں،

سَيِّدُنَا حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ ﷺ سَيِّدُنَا مَعْلُوْمٌ ﷺ

ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو تمہاری بہبود کے حریص ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو جانے پہچانے ہیں،

سَيِّدُنَا شَهِيْرٌ ﷺ سَيِّدُنَا شَاهِدٌ ﷺ سَيِّدُنَا

ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو مشہور ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو گواہی دینے والے ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو

شَهِيْدٌ ﷺ سَيِّدُنَا مَشْهُوْدٌ ﷺ سَيِّدُنَا بَشِيْرٌ ﷺ

گواہ ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو ایسے ہیں کہ جن کی گواہی دی گئی، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو خوشخبری سنانے والے ہیں

سَيِّدُنَا مُبَشِّرٌ ﷺ سَيِّدُنَا نَذِيْرٌ ﷺ سَيِّدُنَا مُنْذِرٌ

ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو بشارت دینے والے ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو ڈرانے والے ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو

سَیِّدُنَا ﷺ سَیِّدُنَا نُوْرٌ ﷺ سَیِّدُنَا سِرَاجٌ ﷺ سَیِّدُنَا

دھمکانے والے ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو نور ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو چراغ ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو

مِصْبَاحٌ ﷺ سَیِّدُنَا ھُدًی ﷺ سَیِّدُنَا مَھْدِیٌّ ﷺ

روشن چراغ ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو سرتاپا ہدایت ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو ہدایت یافتہ ہیں،

سَیِّدُنَا مُنِیْرٌ ﷺ سَیِّدُنَا دَاعٍ ﷺ سَیِّدُنَا مَدْعُوٌّ ﷺ

ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو منور کرنے والے ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو (اللہ کی طرف) بلانے والے ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو

سَیِّدُنَا مُجِیْبٌ ﷺ سَیِّدُنَا مُجَابٌ ﷺ سَیِّدُنَا حَفِیٌّ

بلائے ہوئے ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو درخواست منظور کرنے والے ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو مقبول خدا ہیں،

ﷺ سَیِّدُنَا عَفُوٌّ ﷺ سَیِّدُنَا وَلِیٌّ ﷺ سَیِّدُنَا حَقٌّ

ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو عنایت فرمانے والے ہیں ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو معافی کے خوگر ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو

ﷺ سَیِّدُنَا قَوِیٌّ ﷺ سَیِّدُنَا اَمِیْنٌ ﷺ سَیِّدُنَا

ولی ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو برحق ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو قوت والے ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو امانت دار ہیں،

مَاْمُوْنٌ ﷺ سَیِّدُنَا کَرِیْمٌ ﷺ سَیِّدُنَا مُکَرَّمٌ ﷺ

ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو پروانۂ امن والے ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو کریم ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو محترم ہیں،

سَیِّدُنَا مَکِیْنٌ ﷺ سَیِّدُنَا مَتِیْنٌ ﷺ سَیِّدُنَا مُبِیْنٌ

ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو ذی رتبہ ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو متانت والے ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو واضح ہیں،

ﷺ سَیِّدُنَا مُؤَمِّلٌ ﷺ سَیِّدُنَا وَصُوْلٌ ﷺ سَیِّدُنَا

ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو رضائے مولیٰ کے متمنی ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو اللہ سے ملنے والے ہیں،

ذُوْقُوَّةٍ ﷺ سَيِّدُنَا ذُوْحُرْمَةٍ ﷺ سَيِّدُنَا ذُوْمَكَانَةٍ

ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو طاقت والے ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو حرمت ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو

ﷺ سَيِّدُنَا ذُوْعِزٍّ ﷺ سَيِّدُنَا ذُوْفَضْلٍ ﷺ سَيِّدُنَا

صاحب منزلت ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو عزت والے ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو فضیلت والے ہیں،

مُطَاعٌ ﷺ سَيِّدُنَا مُطِيعٌ ﷺ سَيِّدُنَا قَدَمُ صِدْقٍ

ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جن کی اطاعت کی جاتی ہے، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو اللہ کے فرماں بردار ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو

ﷺ سَيِّدُنَا رَحْمَةٌ ﷺ سَيِّدُنَا بُشْرٰى ﷺ سَيِّدُنَا

صداقت کے امام ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو رحمت ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو خوشخبری ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو

غَوْثٌ ﷺ سَيِّدُنَا غَيْثٌ ﷺ سَيِّدُنَا غِيَاثٌ ﷺ

فریادرس ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو رحمت کی بارش ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو فریادرسی کرنے والے ہیں،

سَيِّدُنَا نِعْمَةُ اللّٰهِ ﷺ سَيِّدُنَا هَدِيَّةُ اللّٰهِ ﷺ سَيِّدُنَا

ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو اللہ کی نعمت ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو اللہ کا تحفہ ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو

عُرْوَةٌ وُّثْقٰى ﷺ سَيِّدُنَا صِرَاطُ اللّٰهِ ﷺ سَيِّدُنَا

مضبوط سہارا ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو اللہ کی بارگاہ تک رسائی کا راستہ ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو

صِرَاطٌ مُّسْتَقِيمٌ ﷺ سَيِّدُنَا ذِكْرُ اللّٰهِ ﷺ سَيِّدُنَا

راہ مستقیم ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو یادِ خدا ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو

سَيْفُ اللّٰهِ ﷺ سَيِّدُنَا حِزْبُ اللّٰهِ ﷺ سَيِّدُنَا

شمشیر خدا ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو لشکر الٰہی ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو

اَلنَّجْمُ الثَّاقِبُ ﷺ سَیِّدُنَا مُصْطَفٰی ﷺ سَیِّدُنَا

چمکتا ستارہ ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو برگزیدہ ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو

مُجْتَبٰی ﷺ سَیِّدُنَا مُنْتَقٰی ﷺ سَیِّدُنَا اُمِّیٌّ ﷺ

منتخب ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو اللہ کا انتخاب کئے ہوئے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو اُمی ہیں،

سَیِّدُنَا مُخْتَارٌ ﷺ سَیِّدُنَا اَجِیْرٌ ﷺ سَیِّدُنَا جَبَّارٌ

ہمارے آقا ﷺ جو پسندیدہ ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو مستحق اجر ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو

ﷺ سَیِّدُنَا اَبُو الْقَاسِمِ ﷺ سَیِّدُنَا اَبُو الطَّاهِرِ

تلافی فرمانے والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو ابوالقاسم ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو

ﷺ سَیِّدُنَا اَبُو الطَّیِّبِ ﷺ سَیِّدُنَا اَبُو اِبْرَاهِیْمَ

ابوالطاہر ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو ابوالطیب ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو ابوابراہیم ہیں،

ﷺ سَیِّدُنَا مُشَفَّعٌ ﷺ سَیِّدُنَا شَفِیْعٌ ﷺ

ہمارے آقا ﷺ جن کی شفاعت قبول کی جائے گی، ہمارے آقا ﷺ جو شفاعت کرنے والے ہیں،

سَیِّدُنَا صَالِحٌ ﷺ سَیِّدُنَا مُصْلِحٌ ﷺ سَیِّدُنَا

ہمارے آقا ﷺ جو نیک ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو اصلاح کرنے والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو

مُهَیْمِنٌ ﷺ سَیِّدُنَا صَادِقٌ ﷺ سَیِّدُنَا مُصَدَّقٌ ﷺ

محافظ ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو سچے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو تصدیق کرنے والے ہیں،

سَیِّدُنَا صِدْقٌ ﷺ سَیِّدُنَا سَیِّدُ الْمُرْسَلِیْنَ ﷺ

ہمارے آقا ﷺ جو مجسم سچ ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو تمام انبیاء علیہم السلام کے سردار ہیں،

سَیِّدُنَا اِمَامُ الْمُتَّقِیْنَ ﷺ سَیِّدُنَا قَائِدُ الْغُرِّ

ہمارے آقا ﷺ جو متقیوں کے امام ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو اعضاء وضو چمکنے والوں کے قائد ہیں،

الْمُحَجَّلِیْنَ ﷺ سَیِّدُنَا خَلِیْلُ الرَّحْمٰنِ ﷺ سَیِّدُنَا

ہمارے آقا ﷺ جو رحمن کے خلیل ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو

بَرٌّ ﷺ سَیِّدُنَا مَبَرٌّ ﷺ سَیِّدُنَا وَجِیْهٌ ﷺ

خوش معاملہ ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو سب پر فائق ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو باوجاہت ہیں،

سَیِّدُنَا نَصِیْحٌ ﷺ سَیِّدُنَا نَاصِحٌ ﷺ سَیِّدُنَا

ہمارے آقا ﷺ جو خیر طلب کرنے والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو خیر خواہ ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو

وَكِیْلٌ ﷺ سَیِّدُنَا مُتَوَكِّلٌ ﷺ سَیِّدُنَا كَفِیْلٌ

معتمد ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو توکل والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو ضامن ہیں،

ﷺ سَیِّدُنَا شَفِیْقٌ ﷺ سَیِّدُنَا مُقِیْمُ السُّنَّةِ ﷺ

ہمارے آقا ﷺ جو مہربان ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو سنت کے قائم کرنے والے ہیں،

سَیِّدُنَا مُقَدَّسٌ ﷺ سَیِّدُنَا رُوْحُ الْقُدُسِ ﷺ سَیِّدُنَا

ہمارے آقا ﷺ جو تقدس والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو تقدس کی جان ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو

رُوْحُ الْحَقِّ ﷺ سَیِّدُنَا رُوْحُ الْقِسْطِ ﷺ سَیِّدُنَا

امر حق کی روح ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو انصاف کی روح ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو کفایت کرنے والے ہیں،

كَافٍ ﷺ سَیِّدُنَا مُكْتَفٍ ﷺ سَیِّدُنَا بَالِغٌ ﷺ

ہمارے آقا ﷺ جو کافی ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو کمالات کے اعلیٰ مقام پر پہنچنے والے ہیں،

سَیِّدُنَا مُبَلِّغٌ ﷺ سَیِّدُنَا شَافٍ ﷺ سَیِّدُنَا وَاصِلٌ

ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو تبلیغ کرنے والے ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو شافی ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو اللہ کی

ﷺ سَیِّدُنَا مَوْصُوْلٌ ﷺ سَیِّدُنَا سَابِقٌ ﷺ سَیِّدُنَا

بارگاہ میں رسائی حاصل کرنے والے ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو پہنچے ہوئے ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو سب سے

سَائِقٌ ﷺ سَیِّدُنَا ھَادٍ ﷺ سَیِّدُنَا مُھْدٍ ﷺ

اول ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو آگے بڑھانے والے ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو رہبر ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو

سَیِّدُنَا مُقَدَّمٌ ﷺ سَیِّدُنَا عَزِیْزٌ ﷺ سَیِّدُنَا فَاضِلٌ

تحفہ دینے والے ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو سب سے آگے ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو عزیز ہیں،

ﷺ سَیِّدُنَا مُفَضَّلٌ ﷺ سَیِّدُنَا فَاتِحٌ ﷺ سَیِّدُنَا

ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو صاحب فضل ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو فضیلت والے ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو

مِفْتَاحُ ﷺ سَیِّدُنَا مِفْتَاحُ الرَّحْمَةِ ﷺ سَیِّدُنَا

فاتح ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو فتوحات کی چابی ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو کلید رحمت ہیں،

مِفْتَاحُ الْجَنَّةِ ﷺ سَیِّدُنَا عَلَمُ الْاِیْمَانِ ﷺ سَیِّدُنَا

ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو جنت کی چابی ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو ایمان کے نقش ونگار ہیں،

عَلَمُ الْیَقِیْنِ ﷺ سَیِّدُنَا دَلِیْلُ الْخَیْرَاتِ ﷺ

ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو یقین کی علامت ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو خوبیوں کے راہنما ہیں،

سَیِّدُنَا مُصَحِّحُ الْحَسَنَاتِ ﷺ سَیِّدُنَا مُقِیْلُ

ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو نیکیوں کے درست کرنے والے ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو غلطیوں سے

اَلْعَشَرَاتِ ﷺ سَیِّدُنَا صَفُوْحٌ عَنِ الزَّلَّاتِ ﷺ

قطع نظر کرنے والے ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو لغزشوں سے درگزر کرنے والے ہیں،

سَیِّدُنَا صَاحِبُ الشَّفَاعَةِ ﷺ سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْمُقَامِ

ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو صاحب شفاعت ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو مقام محمود والے ہیں،

ﷺ سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْقَدَمِ ﷺ سَیِّدُنَا مَخْصُوْصٌ

ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو پیشوائی فرمانے والے ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو عزت کے ساتھ مخصوص ہیں،

بِالْعِزِّ ﷺ سَیِّدُنَا مَخْصُوْصٌ بِالْمَجْدِ ﷺ سَیِّدُنَا

ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو احترام کے ساتھ مخصوص ہیں،

مَخْصُوْصٌ بِالشَّرَفِ ﷺ سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْوَسِیْلَةِ

ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو شرف کے ساتھ مخصوص ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو وسیلہ والے ہیں،

ﷺ سَیِّدُنَا صَاحِبُ السَّیْفِ ﷺ سَیِّدُنَا صَاحِبُ

ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو تلوار والے ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو فضیلت والے ہیں،

الْفَضِیْلَةِ ﷺ سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْاِزَارِ ﷺ سَیِّدُنَا

ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو تہہ بند استعمال فرمانے والے ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو

صَاحِبُ الْحُجَّةِ ﷺ سَیِّدُنَا صَاحِبُ السُّلْطَانِ ﷺ

مستحکم دلیل والے ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو تسلط والے ہیں،

سَیِّدُنَا صَاحِبُ الرِّدَآءِ ﷺ سَیِّدُنَا صَاحِبُ الدَّرَجَةِ

ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو چادر والے ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو اونچے مرتبہ والے ہیں،

الرَّفِيْعَةِ ﷺ سَيِّدُنَا صَاحِبُ التَّاجِ ﷺ سَيِّدُنَا

ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو تاج والے ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو

صَاحِبُ الْمِغْفَرِ ﷺ سَيِّدُنَا صَاحِبُ اللِّوَآءِ ﷺ

آہنی خود والے ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو علم بردار ہیں،

سَيِّدُنَا صَاحِبُ الْمِعْرَاجِ ﷺ سَيِّدُنَا صَاحِبُ

ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو صاحب معراج ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو صاحب عصا ہیں،

الْقَضِيْبِ ﷺ سَيِّدُنَا صَاحِبُ الْبُرَاقِ ﷺ سَيِّدُنَا

ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو براق والے ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو

صَاحِبُ الْخَاتَمِ ﷺ سَيِّدُنَا صَاحِبُ الْعَلَامَةِ ﷺ

مہر نبوت والے ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو نشانی والے ہیں،

سَيِّدُنَا صَاحِبُ الْبُرْهَانِ ﷺ سَيِّدُنَا صَاحِبُ الْبَيَانِ

ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو ثبوت رکھنے والے ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو حسن تقریر والے ہیں،

ﷺ سَيِّدُنَا فَصِيْحُ اللِّسَانِ ﷺ سَيِّدُنَا مُطَهَّرُ الْجَنَانِ

ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو فصیح زبان ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو پاک دل والے ہیں،

ﷺ سَيِّدُنَا رَءُوْفٌ ﷺ سَيِّدُنَا رَحِيْمٌ ﷺ سَيِّدُنَا

ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو نرم دل ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو رحم دل ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو

اُذُنُ خَيْرٍ ﷺ سَيِّدُنَا صَحِيْحُ الْاِسْلَامِ ﷺ سَيِّدُنَا

بھلائی کی بات پر کان دھرنے والے ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو درست اسلام والے ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو

سَیِّدُ الۡکَوۡنَیۡنِ ﷺ سَیِّدُنَا عَیۡنُ النَّعِیۡمِ ﷺ سَیِّدُنَا

دونوں جہانوں کے سردار ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو نعمتوں کا سرچشمہ ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو

عَیۡنُ الۡغُرِّ ﷺ سَیِّدُنَا سَعۡدُ اللّٰہِ ﷺ سَیِّدُنَا سَعۡدُ

بہترین لوگوں کے سردار ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو اللہ کی طرف سے برکت ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

الۡخَلۡقِ ﷺ سَیِّدُنَا خَطِیۡبُ الۡاُمَمِ ﷺ سَیِّدُنَا عَلَمُ

جو تمام مخلوق کے لئے سبب سعادت ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو امتوں کے واعظ ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو

الۡھُدٰی ﷺ سَیِّدُنَا کَاشِفُ الۡکُرَبِ ﷺ سَیِّدُنَا رَافِعُ

ہدایت کا علم ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو دفع مصائب کا ذریعہ ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو رفع درجات کا وسیلہ ہیں،

الرُّتَبِ ﷺ سَیِّدُنَا عِزُّ الۡعَرَبِ ﷺ سَیِّدُنَا صَاحِبُ

ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو عرب کی شان وشوکت ہیں، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو

الۡفَرَجِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰۤی اٰلِہٖ

کشادگی کا سبب ہیں، ان پر اور ان کی آل پر اللہ تعالیٰ کی رحمتیں ہوں

اَللّٰھُمَّ یَا رَبِّ بِجَاہِ نَبِیِّكَ الۡمُصۡطَفٰی وَرَسُوۡلِكَ

اے اللہ اے ہمارے پروردگار تجھے تیرے برگزیدہ نبی اور تیرے پسندیدہ رسول

الۡمُرۡتَضٰی وَوَلِیِّكَ الۡمُجۡتَبٰی طَھِّرۡ قُلُوۡبَنَا مِنۡ کُلِّ

اور تیرے منتخب کردہ دوست کی جاہ کا واسطہ تو ہمارے دلوں کو پاک کر دے ہر ایسی خصلت سے

وَصۡفٍ یُّبَاعِدُنَا عَنۡ مُّشَاھَدَتِكَ وَمَحَبَّتِكَ وَاَمِتۡنَا

جو ہمیں تیرے مشاہدے سے اور تیری محبت سے دور کر دے

عَلَى السُّنَّةِ وَالْجَمَاعَةِ وَالشَّوْقِ اِلٰى لِقَآئِكَ

اور ہمیں اہل سنت والجماعت کے طریقہ اور اپنی لقاء کے اشتیاق پر موت نصیب فرمانا

يَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

اے جلال واکرام والے اللہ

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ

اور اے اللہ سیدنا ومولانا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر

وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا

اوران کے تمام آل واصحاب پر صلوٰۃ وسلام نازل فرما

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

اور تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کا رب ہے

هٰذِهٖ صِفَةُ الرَّوْضَةِ الْمُبَارَكَةِ الَّتِيْ دُفِنَ فِيْهَا

یہ روضۂ مبارک کا اندرونی نقشہ ہے جہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَاحِبَاهُ

اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے دونوں رفیق

اَبُوْبَكْرٍ وَّ عُمَرُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا هٰكَذَا ذَكَرَهُ عُرْوَةُ

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ آرام فرما رہے ہیں،

بْنُ الزُّبَيْرِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ دُفِنَ رَسُوْلُ اللهِ

حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی آرام گاہ

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي السَّهْوَةِ ودُفِنَ اَبُوْبَكْرِ نِ

چبوترہ میں بنی ہوئی ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی قبر مبارک کے پچھلے حصے میں

الصِّدِّيْقُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ خَلْفَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی تدفین عمل میں آئی

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ودُفِنَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ

اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی قبر مبارک کے پیچھے،

عِنْدَ رِجْلَیْ اَبِیْ بَکْرِ نِ الصِّدِّیْقِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

قدموں کی طرف حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی تدفین عمل میں لائی گئی،

وَبَقِیَتِ السَّھْوَۃُ الشَّرْقِیَّۃُ فَارِغَۃً فِیْھَا مَوْضِعُ قَبْرٍ

اسی چبوترے کے مشرقی حصے پر جہاں ایک قبر کی جگہ خالی ہے

یُقَالُ لَہٗ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ اِنَّ عِیْسَی ابْنَ مَرْیَمَ عَلَیْھِمَا

اللہ تعالیٰ ہی حقیقت سے واقف ہے اس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام

الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ یُدْفَنُ فِیْہِ وَکَذٰلِکَ جَاءَ

کا مدفن اسی حصے میں ہوگا اور اس کی تائید اس حدیث مبارک سے بھی ہوتی ہے

فِی الْخَبَرِ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمائی ہے

وَقَالَتْ عَائِشَۃُ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھَا رَاَیْتُ ثَلٰثَۃَ اَقْمَارٍ

اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ میرے حجرے میں

سُقُوْطًا فِیْ حُجْرَتِیْ فَقَصَصْتُ رُؤْیَایَ عَلٰی اَبِیْ بَکْرِ نِ

تین چاند اترے ہیں میں نے اپنا یہ خواب اپنے والد حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو سنایا

الصِّدِّیْقِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ فَقَالَ لِیْ یَا عَائِشَۃُ

تو انہوں نے فرمایا اے عائشہ تمہارا حجرہ

لَیُدْفَنَنَّ فِیْ بَیْتِکِ ثَلٰثَۃٌ ھُمْ خَیْرُ اَھْلِ الْاَرْضِ

تین ایسی شخصیات کا مدفن بنے گا جو روئے زمین میں سب سے بہتر اور برتر ہوں گے،

فَلَمَّا تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَدُفِنَ

پھر جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وصال ہوا اور میرا حجرہ میرے حبیب کی

فِيْ بَيْتِيْ قَالَ لِيْ اَبُوْبَكْرِ نِ الصِّدِّيْقُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

آخری آرام گاہ بنا تو مجھ سے میرے ابا جان حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا

هٰذَا وَاحِدٌ مِّنْ اَقْمَارِكِ وَهُوَ خَيْرُهُمْ صَلَّى اللّٰهُ

کہ تمہارے خواب کے مطابق تین چاندوں میں سے ایک چاند جو ان میں افضل ترین ہے تمہارے حجرے میں آ گئے

عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ كَثِيْرًا

اللہ تعالیٰ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور آپ کی اولاد اور اصحاب پر خوب رحمتیں اور سلامتی نازل فرمائے

دُعَاءُ النِّيَّةِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بے حد مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کا رب ہے، اللہ میرے لئے کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

نہ نیکی کی طاقت ہے نہ گناہ سے بچنے کی قوت مگر اللہ بزرگ و برتر کی توفیق سے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَبْرَاُ مِنْ حَوْلِيْ وَقُوَّتِيْ اِلٰى حَوْلِكَ وَقُوَّتِكَ

اے اللہ میں اپنے زور و قوت سے بری ہو کر تیری طاقت اور زور کا سہارا لیتا ہوں،

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ نَوَيْتُ بِصَلٰوتِيْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اے اللہ میری نیت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجنے میں تیرے ارشاد کی تعمیل ہے

اِمْتِثَالًا لِاَمْرِكَ وَتَصْدِيْقًا لِنَبِيِّكَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ

اور تیرے نبی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سچے ہونے کا اقرار و اظہار

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَحَبَّةً فِيْهِ وَشَوْقًا اِلَيْهِ وَتَعْظِيْمًا لِقَدْرِهٖ

اور ان کی محبت اور ان کی طرف اشتیاق اور ان کی تعظیم شان

وَكَوْنَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَهْلًا لِذٰلِكَ فَتَقَبَّلْهَا مِنِّي

اوران کا اس کے لئے اہل ہونا ہے لہذا اپنے فضل واحسان سے اس کو

بِفَضْلِكَ وَاِحْسَانِكَ وَاَزِلْ حِجَابَ الْغَفْلَةِ عَنْ قَلْبِيْ

میری طرف سے قبول فرما اور میرے قلب سے غفلت کے پردے ہٹادے

وَاجْعَلْنِيْ مِنْ عِبَادِكَ الصَّالِحِيْنَ

اور مجھے اپنے نیک بندوں میں سے بنادے

اَللّٰهُمَّ زِدْهُ شَرَفًا عَلٰى شَرَفِهِ الَّذِيْ اَوْلَيْتَهٗ وَعِزًّا عَلٰى عِزِّهٖ

اے اللہ اضافہ فرما ان کے شرف میں اس شرف پر جو تو نے ان کو بخشا ہے اور عزت میں اس عزت پر

الَّذِيْ اَعْطَيْتَهٗ وَنُوْرًا عَلٰى نُوْرِهِ الَّذِيْ مِنْهُ خَلَقْتَهٗ

جو تو نے ان کو عطا فرمائی ہے اور نور پر اس نور میں جس سے تو نے ان کو پیدا فرمایا ہے

وَاَعْلِ مَقَامَهٗ فِيْ مَقَامَاتِ الْمُرْسَلِيْنَ وَدَرَجَتَهٗ فِيْ

اوران کا مرتبہ پیغمبروں کے مرتبوں میں اوران کا درجہ نبیوں کے درجات میں بلند فرما

دَرَجَاتِ النَّبِيِّيْنَ وَاَسْئَلُكَ رِضَاكَ وَرِضَاهُ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ

اور اے پروردگار عالم میں تجھ سے تیری خوشنودی اوران کی خوشنودی کا سوال کرتا ہوں

مَعَ الْعَافِيَةِ الدَّائِمَةِ وَالْمَوْتَ عَلَى الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ

دائمی تندرستی اور قرآن وطریق سنت والجماعت پر استقامت کے ساتھ

وَالْجَمَاعَةِ وَكَلِمَتَيِ الشَّهَادَةِ عَلٰى تَحْقِيْقِهَا مِنْ غَيْرِ تَبْدِيْلٍ

اور حقیقی کلمہ شہادت جس میں کوئی تبدیلی اور تغیر نہ ہو پر موت آنے کے ساتھ

وَتَغْيِيرٍ وَ اغْفِرْلِيْ مَا ارْتَكَبْتُهٗ بِمَنِّكَ وَفَضْلِكَ

اور میرے گناہ جن کا میں مرتکب ہوا ہوں انہیں بخش دے اپنے فضل و احسان

وَجُوْدِكَ وَ كَرَمِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى

اور جود و کرم سے اے ارحم الراحمین اور اللہ کا صلوٰۃ و سلام ہو

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا

سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور ان کی آل اور ان کے صحابہ پر

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

اور ہر تعریف زیبا ہے اللہ رب العلمین کو

اَللّٰهُمَّ جَدِّدْ وَجَرِّدْ فِيْ هٰذَا الْوَقْتِ وَفِيْ هٰذِهِ السَّاعَةِ مِنْ

اے اللہ اس وقت اور اس گھڑی نازل فرما اپنی نئی نئی کامل رحمتیں

صَلَوَاتِكَ التَّامَّاتِ وَتَحِيَّاتِكَ الزَّاكِيَاتِ وَرِضْوَانِكَ

اور پاکیزہ تحفہ سلام اور اپنی بڑی و مکمل و دائمی خوشنودی،

الْاَكْبَرِ الْاَتَمِّ الْاَدْوَمِ عَلٰى اَكْمَلِ عَبْدٍ لَكَ فِيْ هٰذَا

صرف اپنے اس بندے پر جو اس عالم میں تمام اولاد آدم سے کامل ترین ہے

الْعَالَمِ مِنْ بَنِيْ اٰدَمَ الَّذِيْ اَقَمْتَهٗ لَكَ ظِلًّا وَجَعَلْتَهٗ

وہ ذات کہ اس کو تو نے اپنا سایہ بنا کر قائم کیا

لِحَوَآئِجِ خَلْقِكَ قِبْلَةً وَمَحَلًّا وَاصْطَفَيْتَهٗ لِنَفْسِكَ

اور اپنی مخلوق کی حاجتوں کا قبلہ اور محل قرار دیا اور اس کو خاص اپنے لئے چن لیا

وَاَقَمْتَهٗ بِحُجَّتِكَ وَاَظْهَرْتَهٗ بِصُوْرَتِكَ وَاخْتَرْتَهٗ مُسْتَوًى

اور حجت قائم کرنے کے لئے اسے بھیجا اور اسے اپنی صفات کا مظہر بنایا اور اپنی تجلی کی سطح،

لِتَجَلِّيْكَ وَمَنْزِلاً لِّتَنْفِيْذِ اَوَامِرِكَ وَنَوَاهِيْكَ فِيْ اَرْضِكَ

اور زمین اور آسمان میں اپنے احکام اور ممانعتوں کے اجراء کا مقام

وَسَمٰوٰتِكَ وَوَاسِطَةً بَيْنَكَ وَبَيْنَ مُكَوَّنَاتِكَ وَبَلِّغْ

اور اپنے اور اپنی تمامی مصنوعات کے درمیان واسطہ بنانے کے لئے اسے منتخب فرمایا

سَلَامَ عَبْدِكَ هٰذَا اِلَيْهِ فَعَلَيْهِ مِنْكَ الْاٰنَ وَمِنْ

اور اپنے اس ناچیز بندے کا سلام انہیں پہنچا کہ اب اس پر تیرے واسطے سے

عَبْدِكَ اَشْرَفُ الصَّلَوَاتِ وَاَفْضَلُ التَّحِيَّاتِ وَاَزْكَى

اور تیرے بندے کی طرف سے بہترین درود ہو اور افضل ترین تحیہ

التَّسْلِيْمَاتِ اَللّٰهُمَّ ذَكِّرْهُ بِيْ لِيَذْكُرَنِيْ عِنْدَكَ بِمَآ

اور بے حد پاکیزہ سلام ہو اے اللہ ان کو میری یاد دلا دینا تاکہ وہ آپ کے پاس میرا ذکر فرما دیں

اَنْتَ اَعْلَمُ اَنَّهٗ نَافِعٌ لِيْ عَاجِلاً وَاٰجِلاً عَلٰى قَدْرِ مَعْرِفَتِهٖ

ان چیزوں کے عطا کرنے کے بارے میں جسے تو خوب جانتا ہے کہ وہ دنیا اور آخرت میں

بِكَ وَمَنْزِلَتِهٖ لَدَيْكَ لَا عَلٰى قَدْرِ عِلْمِيْ وَمُنْتَهٰى فَهْمِيْ

میرے لئے مفید ہے بقدر تیرے متعلق ان کی معرفت اور تیرے نزدیک ان کی قدر و منزلت کے

اِنَّكَ بِكُلِّ فَضْلٍ جَدِيْرٌ وَعَلٰى مَا تَشَآءُ قَدِيْرٌ

نہ بقدر میرے علم اور میرے مبلغ فہم کے بے شک تو ہر طرح کے فضل کے لائق ہے اور جو بھی چاہے اس پر قادر ہے

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مَحْبُوْبًا فِيْ قَلْبِ الْاِنْسَانِ الْكَامِلِ وَحَبِّبْهُ فِيَّ

الٰہی میری محبت کو کامل انسان (محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) کے دل میں جگہ دے اور ان کی محبت میرے اندر سما جائے

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ

اور اللہ رحمتیں نازل فرمائے سیدنا و مولانا محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر اور ان کی آل اور صحابہ پر

عَدَدَ ذَرَّاتِ الْوُجُوْدِ وَعَدَدَ مَعْلُوْمَاتِ اللّٰهِ

وجود کے ذروں کے بقدر اور اللہ کی معلومات کی تعداد کے موافق،

اَللّٰهُمَّ وَفِّقْنِيْ لِقِرَاءَتِهَا عَلَى الدَّوَامِ

الٰہی مجھے اس کے ہمیشہ پڑھنے کی توفیق بخش

اٰمِيْنَ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ

یہ میری دعا قبول فرما اے پروردگار عالم

پہلی منزل بروز پیر
بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِهٖ

ہمارے آقا سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ان کی آل پر اور ان کے اصحاب پر اللہ کی رحمتیں

وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ

اور سلامتی ہو

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا

اے اللہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور ان کی بیبیوں پر اور ان کی اولاد پر رحمتیں نازل فرما جیسی رحمتیں تو نے

صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاَزْوَاجِهٖ

حضرت ابراہیم علیہ السلام پر نازل فرمائی تھیں اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور ان کی بیبیوں پر اور ان کی اولاد

وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

پر برکتیں نازل فرما جیسی برکتیں تو نے آل ابراہیم علیہ السلام پر نازل فرمائی تھیں بیشک تو ہی مستحق ثنا و بزرگی ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى

اے اللہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما جیسی رحمتیں تو نے

اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا

حضرت ابراہیم علیہ السلام پر نازل فرمائی تھی اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر

بَارَكْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ فِي الْعٰلَمِيْنَ اِنَّكَ

برکتیں نازل فرما جیسی برکتیں تو نے آل ابراہیم علیہ السلام پر دنیا جہان میں نازل فرمائی تھیں

حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

بیشک تو ہی سزاوار حمد و بزرگی ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰی

اے اللہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رحمتیں نازل فرما جیسی رحمتیں تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام

اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ

پر نازل فرمائی تھیں اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر برکتیں نازل فرما جیسی برکتیں حضرت ابراہیم علیہ السلام

عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

پر نازل فرمائی تھیں بیشک تو ہی مستحق ستائش و بزرگی ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

اے اللہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نبی امی پر اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رحمتیں نازل فرما

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ

اے اللہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رحمتیں نازل فرما جو تیرے خاص بندے اور تیرے پیغمبر ہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ

اے اللہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رحمتیں نازل فرما جیسی رحمتیں حضرت ابراہیم علیہ السلام پر

عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

اور آل ابراہیم علیہ السلام پر نازل فرمائی تھیں بیشک تجھ ہی کو ثنا و بزرگی شایاں ہے۔

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ

اے اللہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر برکتیں نازل فرما جیسی برکتیں حضرت ابراہیم علیہ السلام

عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اور آل ابراہیم علیہ السلام پر نازل فرمائی تھیں بے شک تو سزاوار حمد ورفعت ہے۔

اَللّٰھُمَّ وَتَرَحَّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا

اور اے اللہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر شفقت فرما جیسی

تَرَحَّمْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّكَ

شفقت حضرت ابراہیم علیہ السلام اور آل ابراہیم علیہ السلام پر فرمائی تھی

حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

بیشک تو حمد اور رفعت والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ وَتَحَنَّنْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا

اے اللہ اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر لطف وکرم فرما

تَحَنَّنْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّكَ

جیسا لطف وکرم تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور آل ابراہیم علیہ السلام پر فرمایا تھا

حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

بیشک تو حمد اور شان والا ہے۔

اَللّٰھُمَّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا

اور اے اللہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر سلامتی بھیج

سَلَّمْتَ عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ

جیسی سلامتی تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور آل ابراہیم علیہ السلام پر بھیجی تھی

حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

بیشک تو حمد اور بزرگی کا مستحق ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَارْحَمْ

اے اللہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رحمتیں نازل فرما اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر

مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ وَبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

اور آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رحم فرما اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر برکتیں نازل فرما

كَمَا صَلَّيْتَ وَرَحِمْتَ وَبَارَكْتَ عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰی

جیسی رحمتیں، رحم اور برکتیں حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور آل ابراہیم علیہ السلام

اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ فِی الْعٰلَمِيْنَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

پر تمام جہانوں میں نازل فرمائی تھیں بیشک تجھ ہی کو ثناو بزرگی شایاں ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ وَاَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ

اے اللہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو تیرے نبی ہیں اور ان کی بیبیوں پر جو مومنین کی مائیں ہیں

الْمُؤْمِنِيْنَ وَذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰی

اور ان کی اولاد پر اور ان کے گھر والوں پر رحمتیں نازل فرما جیسی رحمتیں تو نے ابراہیم علیہ السلام پر

اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

نازل فرمائی تھیں بیشک تو ہی مستحق ثناو بزرگی ہے

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

اے اللہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر برکتیں نازل فرما

كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

جیسی برکتیں تو نے آل ابراہیم علیہ السلام پر نازل فرمائی تھیں بیشک تو ہی مستحق ثنا و بزرگی ہے۔

اَللّٰھُمَّ دَاحِیَ الْمَدْحُوَّاتِ وَبَارِئَ الْمَسْمُوْكَاتِ وَجَبَّارَ

اے اللہ اے زمین کے فرش کو بچھانے والے اور اونچے آسمانوں کے بنانے والے اور قلوب کو

الْقُلُوْبِ عَلٰی فِطْرَتِهَا شَقِیِّهَا وَسَعِیْدِهَا اِجْعَلْ

ان کی سرشت پر مجبور کرنے والے چاہے وہ بدکار رہوں یا نیکوکار رہوں اپنی شرف والی رحمتیں

شَرَائِفَ صَلَوَاتِكَ وَنَوَامِیَ بَرَكَاتِكَ وَرَأْفَةَ تَحَنُّنِكَ

اور ترقی آمیز برکتیں اور کمال شفقت سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل فرما جو تیرے بندے اور

عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ الْفَاتِحِ لِمَا اُغْلِقَ

تیرے پیغمبر ہیں جن نعمتوں کا دروازہ بند تھا ان کے کھولنے والے ہیں

وَالْخَاتِمِ لِمَا سَبَقَ وَالْمُعْلِنِ الْحَقَّ بِالْحَقِّ وَالدَّامِغِ

صبح چمکتی رہے اور ہوائیں چلتی رہیں اور اجسام حرکت کرتے رہیں

الْغُدُوُّ وَالرَّوَاحُ وَتُقُلِّدَتِ الصِّفَاحُ وَاعْتُقِلَتِ

اور صبح و شام کا تار قائم رہے اور تلواریں حمائل ہوتی رہیں

الرِّمَاحُ وَصَحَّتِ الْاَجْسَادُ وَالْاَرْوَاحُ

اور نیزے سنبھالے جاتے رہیں اور اجسام و ارواح تندرست رہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ مَا دَارَتِ

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر اور آل سیدنا محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جب تک بھی

الْاَفْلَاكُ وَدَجَتِ الْاَحْلَاكُ وَسَبَّحَتِ الْاَمْلَاكُ

افلاک گردش میں رہیں اور راتیں تاریک رہیں اور فرشتے تسبیح میں لگے رہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر اور آل سیدنا محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جیسی رحمت تو نے

عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا

حضرت ابراہیم پر نازل فرمائی اور سیدنا محمد ﷺ پر اور آل سیدنا محمد ﷺ پر برکت نازل فرما

بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ فِي الْعٰلَمِيْنَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

جیسی برکت سیدنا ابراہیم پر دنیا جہان میں نازل فرمائی تھی بے شک تو حمد و بزرگی والا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ مَا طَلَعَتِ

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر اور آل سیدنا محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جب تک بھی

الشَّمْسُ وَمَا صُلِّيَتِ الْخَمْسُ وَمَا تَاَلَّقَ بَرْقٌ وَ تَدَفَّقَ

سورج نکلتا رہے اور جب تک نماز پنجگانہ پڑھی جاتی رہیں اور جب تک بھی بجلی چمکتی رہے

وَدْقٌ وَ مَا سَبَّحَ رَعْدٌ

اور موسلا دھار مینہ برستا رہے اور جب تک رعد تسبیح کرتا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ مِلْاَ السَّمٰوٰتِ

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر اور آل سیدنا محمد ﷺ پر آسمانوں اور زمین کے بھراؤ کے بقدر

وَالْاَرْضِ وَمِلْاَ مَا بَيْنَهُمَا وَمِلْاَ مَا شِئْتَ مِنْ

اور ان کا درمیان بھر کر رحمت نازل فرما اور جو چیز بھی تو پیدا کرنا چاہے

شَیْءٍ بَعْدُ

بعد میں وہ بھر کر رحمت نازل فرما

اَللّٰھُمَّ کَمَا قَامَ بِاَعْبَآءِ الرِّسَالَةِ وَاسْتَنْقَذَ الْخَلْقَ

اے اللہ جیسا کہ آنحضرت بار رسالت لے کر کھڑے ہوئے اور مخلوق کو جہالت سے نکالا

مِنَ الْجَهَالَةِ وَجَاهَدَ اَهْلَ الْكُفْرِ وَالضَّلَالَةِ وَدَعَا اِلٰى

اور کفر وضلالت والوں پر جہاد کیا اور تیری توحید کی طرف بلایا

تَوْحِيْدِكَ وَقَاسَى الشَّدَآئِدَ فِيْ اِرْشَادِ عَبِيْدِكَ فَاَعْطِهِ

اور تیرے بندوں کی اصلاح میں تکلیفیں برداشت کیں

اَللّٰھُمَّ سُؤْلَهٗ وَبَلِّغْهُ مَأْمُوْلَهٗ وَاٰتِهِ الْفَضِيْلَةَ

تو اے اللہ ان کو ان کا مانگا ہوا عطا فرما اور ان کو ان کی مراد تک پہنچا اور ان کو فضیلت

وَالْوَسِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ وَابْعَثْهُ الْمَقَامَ

اور وسیلہ اور بلند مرتبہ عطا فرما اور ان کو مقام محمود میں پہنچا

الْمَحْمُوْدَ الَّذِيْ وَعَدْتَّهٗ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ

جس کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے بے شک تو وعدہ کا خلاف نہیں کرتا

❶ اَللّٰھُمَّ وَاجْعَلْنَا مِنَ الْمُتَّبِعِيْنَ لِشَرِيْعَتِهٖ

اور اے اللہ ہمیں ان کی شریعت کا اتباع کرنے والوں میں سے بنا

الْمُتَّصِفِيْنَ بِمَحَبَّتِهٖ الْمُهْتَدِيْنَ بِهَدْيِهٖ وَسِيْرَتِهٖ

اور ان کی محبت سے متصف اور ان کے طور وطریق پر چلنے والوں میں سے بنا

وَتَوَفَّنَا عَلٰى سُنَّتِهٖ وَلَا تَحْرِمْنَا فَضْلَ شَفَاعَتِهٖ

اور ہمیں ان کی سنت پر مرنا نصیب فرما اور ہمیں ان کی شفاعت کے شرف سے محروم نہ رکھنا

وَاحْشُرْنَا فِيْٓ اَتْبَاعِهِ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ وَاَشْيَاعِهِ

اور ان کے تابعین میں سے جن کے اعضاء وضو چمکتے ہوں گے اور ان کی سابقین جماعتوں

السَّابِقِيْنَ وَاَصْحَابِ الْيَمِيْنِ يَآاَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اور داہنے ہاتھ میں نامۂ اعمال دینے والوں میں ہمارا حشر فرمانا اے ارحم الراحمین

❷ اَللّٰهُمَّ وَاجْعَلْنَا مِنَ الْمُتَّبِعِيْنَ لِشَرِيْعَتِهٖ

اور اے اللہ ہمیں ان کی شریعت کا اتباع کرنے والوں میں سے بنا

الْمُتَّصِفِيْنَ بِمَحَبَّتِهِ الْمُهْتَدِيْنَ بِهَدْيِهٖ وَسِيْرَتِهٖ

اور ان کی محبت سے متصف اور ان کے طور وطریق پر چلنے والوں میں سے بنا

وَتَوَفَّنَا عَلٰى سُنَّتِهٖ وَلَا تَحْرِمْنَا فَضْلَ شَفَاعَتِهٖ

اور ہمیں ان کی سنت پر مرنا نصیب فرما اور ہمیں ان کی شفاعت کے شرف سے محروم نہ رکھنا

وَاحْشُرْنَا فِيْٓ اَتْبَاعِهِ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ وَاَشْيَاعِهِ

اور ان کے تابعین میں سے جن کے اعضاء وضو چمکتے ہوں گے اور ان کی سابقین جماعتوں

السَّابِقِيْنَ وَاَصْحَابِ الْيَمِيْنِ يَآاَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اور داہنے ہاتھ میں نامۂ اعمال دینے والوں میں ہمارا حشر فرمانا اے ارحم الراحمین

❸ اَللّٰهُمَّ وَاجْعَلْنَا مِنَ الْمُتَّبِعِيْنَ لِشَرِيْعَتِهٖ

اور اے اللہ ہمیں ان کی شریعت کا اتباع کرنے والوں میں سے بنا

الْمُتَّصِفِيْنَ بِمَحَبَّتِهٖ الْمُهْتَدِيْنَ بِهَدْيِهٖ وَسِيْرَتِهٖ

اوران کی محبت سے متصف اوران کے طور وطریق پر چلنے والوں میں سے بنا

وَتَوَفَّنَا عَلٰى سُنَّتِهٖ وَلَاتَحْرِمْنَا فَضْلَ شَفَاعَتِهٖ

اور ہمیں ان کی سنت پر مرنا نصیب فرما اور ہمیں ان کی شفاعت کے شرف سے محروم نہ رکھنا

وَاحْشُرْنَا فِيْٓ اَتْبَاعِهِ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ وَاَشْيَاعِهِ

اوران کے تابعین میں سے جن کے اعضاء وضو چمکتے ہوں گے اوران کی سابقین جماعتوں

السَّابِقِيْنَ وَاَصْحَابِ الْيَمِيْنِ يَآاَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اور داہنے ہاتھ میں نامۂ اعمال دینے والوں میں ہمارا حشر فرمانا اے ارحم الراحمین

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَلَآئِكَتِكَ وَالْمُقَرَّبِيْنَ وَعَلٰى

الٰہی اپنے فرشتوں اور مقربین پر

اَنْبِيَآئِكَ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَعَلٰى اَهْلِ طَاعَتِكَ اَجْمَعِيْنَ

اور اپنے انبیاء ومرسلین پر اور اپنے مطیعین پر سب پر رحمت نازل فرما

وَاجْعَلْنَا بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِمْ مِّنَ الْمَرْحُوْمِيْنَ

اور ہمیں ان پر دعائے رحمت کی بدولت مرحومین میں سے بنا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ الْمَبْعُوْثِ مِنْ تِهَامَةَ وَالْاٰمِرِ

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جو سرزمین عرب سے مبعوث ہوئے

بِالْمَعْرُوْفِ وَالْاِسْتِقَامَةِ وَالشَّفِيْعِ لِاَهْلِ الذُّنُوْبِ فِيْ

اور نیکی اور استقامت کا حکم دینے والے ہیں اور میدان قیامت میں

عَرَصَاتِ الْقِيٰمَةِ

گناہ گاروں کی شفاعت کریں گے

اَللّٰهُمَّ اَبْلِغْ عَنَّا نَبِيَّنَا وَشَفِيْعَنَا وَحَبِيْبَنَا اَفْضَلَ

اے اللہ ہماری طرف سے ہمارے نبی ہمارے شفیع اور ہمارے حبیب کو بہترین

الصَّلٰوةِ وَالتَّسْلِيْمِ وَابْعَثْهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ

صلوٰۃ وسلام پہنچا اور ان کو مقام محمود میں اٹھانا

الْكَرِيْمَ وَاٰتِهِ الْفَضِيْلَةَ وَالْوَسِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ

اور ان کو فضیلت اور وسیلہ اور بلند درجہ عطا فرمانا

الرَّفِيْعَةَ الَّتِيْ وَعَدْتَّهٗ فِي الْمَوْقِفِ الْعَظِيْمِ

جس کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے میدان حشر میں

وَصَلِّ اللّٰهُمَّ عَلَيْهِ صَلٰوةً دَآئِمَةً مُّتَّصِلَةً

اور اے اللہ ان پر وہ رحمت نازل فرما جو دائمی اور مسلسل ہو

تَتَوَالٰى وَتَدُوْمُ

کہ پے در پے اور ہمیشہ رہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ مَا لَاحَ بَارِقٌ وَذَرَّ شَارِقٌ

اے اللہ ان پر اور ان کی آل پر رحمت نازل فرما جب تک بھی بجلی چمکتی اور سورج نکلتا رہے

وَوَقَبَ غَاسِقٌ وَانْهَمَرَ وَادِقٌ وَصَلِّ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ

اور رات تاریک ہوتی اور مینہ برستا رہے اور ان پر اور ان کی آل پر رحمت نازل فرما

مِلْأَ اللَّوْحِ وَالْفَضَآءِ وَمِثْلَ نُجُوْمِ السَّمَآءِ وَعَدَدَ

خلا اور لوح کے بھراؤ کے برابر اور آسمان کے تاروں کے مساوی

الْقَطْرِ وَالْحَصٰى وَصَلِّ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ صَلٰوةً

اور قطرات اور کنکریوں کے بقدر اوران پر اوران کی آل پر ایسی رحمت نازل فرما

لَا تُعَدُّ وَلَا تُحْصٰى

جس کی گنتی و شمار نہ ہو سکے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ زِنَةَ عَرْشِكَ وَمَبْلَغَ

اے اللہ ان پر اپنے عرش کے ہم وزن اور اپنی خوشنودی کی مقدار کے بقدر

رِضَاكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ وَمُنْتَهٰى رَحْمَتِكَ

اور اپنے کلمات کے بقدر اور اپنی رحمت کی حد کے بقدر رحمت نازل فرما

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَبَارِكْ

اے اللہ ان پر اوران کی اولاد پر اوران کی بیبیوں اوران کی نسل پر

عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ

رحمت نازل فرما اوران پر اوران کی اولاد اوران کی بیبیوں اوران کی نسل پر برکتیں بھیج

وَبَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ

جیسی رحمت اور برکتیں تو نے سیدنا ابراہیم پر اور سیدنا ابراہیم کی اولاد پر نازل فرمائی تھیں بے شک تو حمد و بزرگی کا

مَّجِيْدٌ وَجَازِهٖ عَنَّا اَفْضَلَ مَا جَازَيْتَ بِهٖ نَبِيًّا عَنْ

مستحق ہے اوران کو ہماری طرف سے بہتر سے بہتر صلہ عطا فرما جو تو نے صلہ عطا فرمایا ہو کسی نبی کو

أُمَّتِهٖ وَاجْعَلْنَا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ بِمِنْهَاجِ شَرِيْعَتِهٖ

اس کی امت کی طرف سے اور ہمیں ان کی شریعت کے راستے پر چلنے والوں میں سے بنا

وَاهْدِنَا بِهَدْيِهٖ وَسِيْرَتِهٖ وَتَوَفَّنَا عَلٰى مِلَّتِهٖ وَاحْشُرْنَا

اور ہمیں ان کے طریقہ پر چلا اور ان کی ملت پر مرنا نصیب فرما اور ہمارا حشر

يَوْمَ الْفَزَعِ الْاَكْبَرِ مِنَ الْاٰمِنِيْنَ فِيْ زُمْرَتِهٖ وَاَمِتْنَا

سخت گھبراہٹ کے دن امن والوں میں ان کی جماعت کے ہمراہ فرما اور ہمیں ان کی محبت

عَلٰى حُبِّهٖ وَحُبِّ اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ

اور ان کی آل اور ان کے صحابہ اور ان کی ذریت کی محبت پر مرنا نصیب فرما

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ اَفْضَلِ اَنْبِيَآئِكَ وَاَكْرَمِ

الٰہی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رحمت نازل فرما جو کہ تیرے نبیوں میں افضل اور تیرے منتخب کردہ بندوں میں

اَصْفِيَآئِكَ وَاِمَامِ اَوْلِيَآئِكَ وَخَاتِمِ اَنْبِيَآئِكَ

بزرگ تر اور تیرے اولیاء کے پیشوا اور تیرے انبیاء کے ختم کنندہ

وَحَبِيْبِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَشَهِيْدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَشَفِيْعِ

اور رب العالمین کے پیارے اور پیغمبروں کے گواہ اور گناہ گاروں کے شفیع

الْمُذْنِبِيْنَ وَسَيِّدِ وُلْدِ اٰدَمَ اَجْمَعِيْنَ الْمَرْفُوْعِ

اور تمام بنی آدم کے سردار ہیں کہ ملائکہ مقربین میں ان کا تذکرہ

الذِّكْرِ فِي الْمَلَآئِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ الْبَشِيْرِ النَّذِيْرِ

اونچا کیا گیا، مژدہ سنانے والے اور عذاب سے ڈرانے والے ہیں،

السِّرَاجِ الْمُنِيْرِ الصَّادِقِ الْاَمِيْنِ الْحَقِّ الْمُبِيْنِ

روشن چراغ، سچے امانت دار، کھلے برحق

الرَّءُوْفِ الرَّحِيْمِ الْهَادِيْ اِلَى الصِّرَاطِ الْمُسْتَقِيْمِ

شفیق ومہربان، راہ مستقیم کے راہبر ہیں،

الَّذِيْ اٰتَيْتَهٗ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ

جن کوتو نے سات آیتیں سورۂ فاتحہ کی مع قرآن عظیم کے عطا فرمائیں،

نَبِيِّ الرَّحْمَةِ وَهَادِي الْاُمَّةِ اَوَّلِ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ

مجسم رحمت نبی اور امت کے رہبر ہیں، ان سب میں پہلے جو قبر سے اٹھیں گے

الْاَرْضُ وَيَدْخُلُ الْجَنَّةَ وَالْمُؤَيَّدِ بِجِبْرِيْلَ

اور جنت میں جائیں گے اور وہ کہ جن کو جبرئیل ومیکائیل سے

وَمِيْكَائِيْلَ الْمُبَشَّرِ بِهٖ فِي التَّوْرَاةِ وَالْاِنْجِيْلِ

قوت دی گئی اور توریت وانجیل میں ان کی بشارت دی گئی،

اَلْمُصْطَفَى الْمُجْتَبَى الْمُنْتَخَبِ اَبِي الْقَاسِمِ مُحَمَّدِ بْنِ

برگزیدہ و چیدہ ومنتخب ابوالقاسم سیدنا محمد ﷺ

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ هَاشِمٍ

بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَلَآئِكَتِكَ وَالْمُقَرَّبِيْنَ الَّذِيْنَ

اے اللہ اپنے فرشتوں پر اور مقربین پر رحمت نازل فرما

يُسَبِّحُونَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ لَا يَفْتُرُونَ وَلَا يَعْصُونَ اللّٰهَ

جو رات دن تسبیح پڑھتے رہتے ہیں، نہ تھکتے ہیں اور نہ اللہ کے حکم کی نافرمانی کرتے ہیں

مَا اَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ

اور جو ان کو حکم دیا جاتا ہے وہی کرتے ہیں

اَللّٰهُمَّ وَ كَمَا اصْطَفَيْتَهُمْ سُفَرَآءَ اِلٰى رُسُلِكَ وَاُمَنَآءَ

اور اے اللہ جس طرح تو نے ان کو چن لیا اپنے رسولوں کی طرف پیغام رساں اور اپنی وحی پر امین

عَلٰى وَحْيِكَ وَشُهَدَآءَ عَلٰى خَلْقِكَ وَخَرَقْتَ لَهُمْ كُنُفَ

اور اپنی مخلوق پر گواہ بنانے کے لئے اور تو نے ان کے لئے اپنے حجاب کے پردوں کو چاک فرما دیا

حُجُبِكَ وَاَطْلَعْتَهُمْ عَلٰى مَكْنُوْنِ غَيْبِكَ وَاخْتَرْتَ

اور ان کو اپنے چھپے ہوئے غیب پر آگاہ کر دیا

مِنْهُمْ خَزَنَةً لِجَنَّتِكَ وَحَمَلَةً لِعَرْشِكَ وَجَعَلْتَهُمْ

اور ان میں سے اپنی جنت کے محافظین اور اپنے عرش کے حاملین کا انتخاب فرمایا

مِّنْ اَكْثَرِ جُنُوْدِكَ وَفَضَّلْتَهُمْ عَلَى الْوَرٰى

اور ان کو اپنے لشکروں کا بڑا حصہ بنایا اور ان کو مخلوق پر فضیلت بخشی

وَاَسْكَنْتَهُمُ السَّمٰوٰتِ الْعُلٰى وَنَزَّهْتَهُمْ عَنِ

اور ان کو اونچے آسمانوں پر بسایا اور ان کو گناہوں

الْمَعَاصِيْ وَالدَّنَآءَاتِ وَقَدَّسْتَهُمْ عَنِ النَّقَآئِصِ

اور رذیل حرکتوں سے منزہ رکھا اور ان کو عیبوں اور آفتوں سے پاک وصاف رکھا

وَالْاٰفَاتِ فَصَلِّ عَلَيْهِمْ صَلٰوةً دَآئِمَةً تَزِيْدُهُمْ بِهَا

لہٰذا ان پر وہ دائمی رحمت نازل فرما جس سے تو ان کی بزرگی بڑھادے

فَضْلاً وَتَجْعَلُنَا لِاسْتِغْفَارِهِمْ بِهَا اَهْلاً

اور ہمیں اس کی بدولت ان کی دعائے مغفرت کا مستحق بنادے

اَللّٰهُمَّ وَصَلِّ عَلٰى جَمِيْعِ اَنْبِيَآئِكَ وَرُسُلِكَ الَّذِيْنَ

اور اے اللہ اپنے تمام نبیوں اور رسولوں پر رحمت نازل فرما

شَرَحْتَ صُدُوْرَهُمْ وَاَوْدَعْتَهُمْ حِكْمَتَكَ وَطَوَّقْتَهُمْ

کہ تو نے ان کے سینے کھول دیئے اور ان میں اپنی دانش کو امانت بنا کر رکھ دیا اور ان کو اپنی نبوت کا

نُبُوَّتَكَ وَاَنْزَلْتَ عَلَيْهِمْ كُتُبَكَ وَهَدَيْتَ بِهِمْ

مکلف بنایا اور ان پر اپنی کتابیں اُتاریں اور اُن کے ذریعہ اپنی مخلوق کو ہدایت بخشی

خَلْقَكَ وَدَعَوْا اِلٰى تَوْحِيْدِكَ وَشَوَّقُوْا اِلٰى وَعْدِكَ

اور انہوں نے تیری توحید کی طرف بلایا اور تیرے وعدہ کا شائق بنایا

وَخَوَّفُوْا مِنْ وَعِيْدِكَ وَاَرْشَدُوْآ اِلٰى سَبِيْلِكَ وَقَامُوْا

اور تیری دھمکی کا خوف دلایا اور تیرے راستہ کو بتایا اور تیری حجت ودلیل کو

بِحُجَّتِكَ وَدَلِيْلِكَ وَسَلِّمِ اللّٰهُمَّ عَلَيْهِمْ تَسْلِيْمًا

قائم کیا اور اے اللہ سلام بھیج ان پر

وَهَبْ لَنَا بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِمْ اَجْرًا عَظِيْمًا

اور ہمیں ان پر دعاء رحمت کرنے کی وجہ سے اجر عظیم عطا فرما

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً دَآئِمَۃً

الٰہی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر دائمی رحمت نازل فرما

مَّقْبُوْلَۃً تُؤَدِّیْ بِھَا عَنَّا حَقَّہُ الْعَظِیْمَ

ایسی رحمت جو مقبول ہو جس کی بدولت تو ہم سے ان کا بڑا حق ادا کر دے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْحُسْنِ وَالْجَمَالِ

الٰہی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رحمت نازل فرما جو صاحب حسن و جمال ہیں،

وَالْبَھْجَۃِ وَالْکَمَالِ وَالْبَھَآءِ وَالنُّوْرِ وَالْوِلْدَانِ

صاحب رونق و کمال ہیں اور چمک دمک والے اور حور و غلمان والے

وَالْحُوْرِ وَالْغُرَفِ وَالْقُصُوْرِ وَاللِّسَانِ الشَّکُوْرِ

اور جنتی دریچوں و محلات والے اور شکر گزار زبان والے

وَالْقَلْبِ الْمَشْکُوْرِ وَالْعِلْمِ الْمَشْھُوْرِ وَالْجَیْشِ

اور قابل قدر دل اور مشہور علم اور مظفر و منصور لشکر والے ہیں

الْمَنْصُوْرِ وَالْبَنِیْنَ وَالْبَنَاتِ وَالْاَزْوَاجِ الطَّاھِرَاتِ

اور بیٹوں او بیٹیوں اور پاک طینت بیبیوں والے ہیں

وَالْعُلُوِّ عَلَی الدَّرَجَاتِ وَالزَّمْزَمِ وَالْمَقَامِ وَالْمَشْعَرِ

اور بلند درجات والے اور زمزم اور مقام ابراہیم اور مشعر حرام والے ہیں

الْحَرَامِ وَاجْتِنَابِ الْاٰثَامِ وَتَرْبِیَۃِ الْاَیْتَامِ وَالْحَجِّ

اور گناہوں سے پرہیز اور یتیموں کی پرورش کرنے والے ہیں اور حج

وَتِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ وَتَسْبِيْحِ الرَّحْمٰنِ وَصِيَامِ رَمَضَانَ

وتلاوت قرآن اور اللہ کی تسبیح اور ماہِ رمضان کے روزوں والے ہیں

وَاللِّوَآءِ الْمَعْقُوْدِ وَالْكَرَمِ وَالْجُوْدِ وَالْوَفَآءِ بِالْعُهُوْدِ

بندھے ہوئے جھنڈے والے اور کرم وسخا والے اور وعدہ وفائی والے ہیں

صَاحِبِ الرَّغْبَةِ وَالتَّرْغِيْبِ وَالْبَغْلَةِ وَالنَّجِيْبِ

رغبت اور ترغیب والے ہیں اور خچر اور گھوڑوں پر سوار ہونے والے ہیں

وَالْحَوْضِ وَالْقَضِيْبِ النَّبِيِّ الْاَوَّابِ النَّاطِقِ

حوض کوثر اور تلوار والے نبی ہیں بے حد خشوع والے حق بات بولنے والے ہیں

بِالصَّوَابِ الْمَنْعُوْتِ فِي الْكِتَابِ اَلنَّبِيِّ عَبْدِاللّٰهِ اَلنَّبِيِّ

جن کی تعریف آسمانی کتاب میں ہے وہ نبی جو اللہ کے بندے ہیں

كَنْزِ اللّٰهِ اَلنَّبِيِّ حُجَّةِ اللّٰهِ اَلنَّبِيِّ مَنْ اَطَاعَهٗ فَقَدْ اَطَاعَ

وہ نبی جو اللہ کا خزانہ ہیں، وہ نبی جو اللہ کی حجت ہیں، وہ نبی کہ جس نے ان کی اطاعت کی

اللّٰهَ وَمَنْ عَصَاهُ فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ اَلنَّبِيِّ الْعَرَبِيِّ الْقُرَشِيِّ

اس نے اللہ کی اطاعت کی اور جس نے ان کی نافرمانی کی اس نے اللہ کی نافرمانی کی، وہ نبی جو عربی وقریشی ہیں

الزَّمْزَمِيِّ الْمَكِّيِّ التِّهَامِيِّ صَاحِبِ الْوَجْهِ الْجَمِيْلِ

زمزم کی طرف منسوب ہیں، مکی ہیں، حجازی ہیں، حسین چہرے والے ہیں،

وَالطَّرْفِ الْكَحِيْلِ وَالْخَدِّ الْاَسِيْلِ وَالْكَوْثَرِ

سُرمگیں آنکھوں اور چکنے رخسار والے ہیں، نہر کوثر

وَالسَّلْسَبِيْلِ قَاهِرِ الْمُضَآدِّيْنَ مُبِيْدِ الْكٰفِرِيْنَ

وسلسبیل والے ہیں، مخالفوں کو دبانے والے ہیں، کافروں کو ہلاک کرنے والے ہیں،

وَقَاتِلِ الْمُشْرِكِيْنَ قَائِدِ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ اِلٰى جَنَّاتِ

مشرکوں کو قتل کرنے والے ہیں، وضو کرنے والوں کو جنات النعیم

النَّعِيْمِ وَجِوَارِ الْكَرِيْمِ صَاحِبِ جِبْرِيْلَ عَلَيْهِ

اور رب کریم کے جوار کی طرف لے جانے والے ہیں، صاحب جبریل علیہ السلام ہیں،

السَّلَامُ وَرَسُوْلِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَشَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ

رب العالمین کے پیغمبر اور گناہ گاروں کے شفیع ہیں،

وَغَايَةِ الْغَمَامِ وَمِصْبَاحِ الظَّلَامِ وَقَمَرِ التَّمَامِ

ابر کے مقصود (یعنی وجہ بارانِ رحمت) ہیں، اندھیروں کے چراغ ہیں، اور پورے چاند ہیں،

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهِ الْمُصْطَفَيْنَ مِنْ اَطْهَرِ جِبِلَّةٍ

ان پر ان کی آل پر اللہ کی رحمتیں ہوں جو پاکیزہ ترین اصل سے منتخب ہیں

صَلٰوةً دَآئِمَةً عَلَى الْاَبَدِ غَيْرَ مُضْمَحِلَّةٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

ایسی رحمتیں جو دائمی ہوں ہمیشہ کے لئے بلا اضمحلال، اللہ ان پر اور ان کی آل پر رحمت نازل فرمائے

وَعَلٰى اٰلِهٖ صَلٰوةً يَّتَجَدَّدُ بِهَا حُبُوْرُهٗ وَيُشَرَّفُ بِهَا فِي

ایسی رحمت کہ اس سے ان کا سردار ہونا تازہ ہوتا رہے اور اس سے بروز قیامت

الْمِيْعَادِ بَعْثُهٗ وَنُشُوْرُهٗ فَصَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ

ان کا قبر سے اٹھنا او میدان حشر میں تشریف لانا صاحب شرف بنے پس اللہ ان پر اور ان کی آل پر

اَلْاَنْجُمِ الطَّوَالِعِ صَلٰوۃً تَجُوْدُ عَلَيْهِمْ اَجْوَدَ الْغُيُوْثِ

جو چمکدار ستارے ہیں ایسی رحمت نازل فرمائے جوان پر بے حد برسنے والے بادلوں کی بارش کی طرح

الْهَوَامِعِ اَرْسَلَهٗ مِنْ اَرْجَحِ الْعَرَبِ مِيْزَانًا وَّاَوْضَحِهَا

برستی رہے، وہ رسول جن کو عرب کے راجح ترین معیار پر اور واضح ترین تقریر والا بنا کر

بَيَانًا وَّاَفْصَحِهَا لِسَانًا وَّاَشْمَخِهَا اِيْمَانًا وَّاَعْلَاهَا

اور فصیح ترین زبان اور مضبوط ترین ایمان والا بنا کر

مَقَامًا وَّاَحْلَاهَا كَلَامًا وَّاَوْفَاهَا ذِمَامًا وَّاَصْفَاهَا

اور بہترین مقام اور شیریں ترین کلام والا اور سب سے زیادہ وعدہ وفا کرنے والا اور صاف ترین طینت والا

رَغَامًا فَاَوْضَحَ الطَّرِيْقَةَ وَنَصَحَ الْخَلِيْقَةَ وَشَهَرَ

بنا کر بھیجا پس اس نے راستہ واضح کر دیا اور مخلوق کو نصیحت کی

الْاِسْلَامَ وَكَسَرَ الْاَصْنَامَ وَاَظْهَرَ الْاَحْكَامَ وَحَظَرَ

اور اسلام کو مشتہر کیا اور بت توڑ دیئے اور احکام ظاہر کئے اور حرام کو ممنوع بتایا

الْحَرَامَ وَعَمَّ بِالْاِنْعَامِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ فِيْ

اور انعام کو عام بنا دیا، اللہ کی رحمت ہو ان پر اور ان کی آل پر

كُلِّ مَحْفِلٍ وَّمَقَامٍ اَفْضَلَ الصَّلٰوةِ وَالسَّلَامِ صَلَّى اللّٰهُ

ہر مجلس و مقام میں، بہترین رحمت اور سلام اللہ ان پر اور ان کی آل پر

عَلَيْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ عَوْدًا وَّبَدْءً صَلٰوةً تَكُوْنُ ذَخِيْرَةً وَّوِرْدًا

بار بار اور نئی نئی رحمت نازل فرمائے، ایسی رحمت جو ذخیرہ اور ورد ہو

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ صَلٰوةً تَامَّةً زَاكِيَةً وَ صَلَّى اللّٰهُ

اللہ ان پر اوران کی آل پر ایسی رحمت نازل فرمائے جو مکمل اور پاک ہو

عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ صَلٰوةً يَّتْبَعُهَا رَوْحٌ وَرَيْحَانٌ وَيَعْقُبُهَا

اور اللہ ان پر اوران کی آل پر ایسی رحمت نازل فرمائے کہ اس کے ساتھ فرحت اور مہک لگی ہوئی ہو

مَغْفِرَةٌ وَرِضْوَانٌ وَ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى اَفْضَلِ مَنْ طَابَ مِنْهُ

اور اس کے قدم بقدم بخشش اور خوشنودی ہو، اور اللہ اس پر رحمت نازل فرمائے جو اس جماعت میں

النِّجَارُ وَسَمَا بِهِ الْفَخَارُ وَاسْتَنَارَتْ بِنُوْرِ جَبِيْنِهٖ

بہترین ہیں جس سے نسب کو پاکیزگی اور شرف کو فضیلت نصیب ہوئی اور جس کے نور پیشانی سے

الْاَقْمَارُ وَتَضَآئَلَتْ عِنْدَ جُوْدِ يَمِيْنِهِ الْغَمَائِمُ

چاند کو نور حاصل ہوا اور جس کے ہاتھ کی سخاوت سے بادل اور سمندر شرما گئے

وَالْبِحَارُ سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ بِبَاهِرِ اٰيَاتِهٖ

یعنی سیدنا و نبینا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جن کے کھلے معجزات سے

اَضَآءَ تِ الْاَنْجَادُ وَالْاَغْوَارُ وَ بِمُعْجِزَاتِ اٰيَاتِهٖ نَطَقَ

تمام نشیب و فراز چمک اٹھے اور جن کی خاص الخاص نشانیوں کی

الْكِتَابُ وَتَوَاتَرَتِ الْاَخْبَارُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ

آسمانی کتابیں گویا بنیں اور اطلاعات حد تواتر تک پہنچیں، اللہ ان پر اوران آل پر

وَاَصْحَابِهِ الَّذِيْنَ هَاجَرُوْآ لِنُصْرَتِهٖ وَنَصَرُوْهُ فِيْ

اوران کے صحابہ پر رحمت نازل فرمائے جنہوں نے ان کی مدد کی خاطر وطن چھوڑا

هِجْرَتِهٖ فَنِعْمَ الْمُهَاجِرُوْنَ وَنِعْمَ الْاَنْصَارُ صَلٰوةً تَامِيَةً

اوران کی ہجرت میں ان کی مدد کی، پس کیا ہی خوب تھے مہاجرین اور کیا ہی خوب تھے انصار،

دَآئِمَةً مَّا سَجَعَتْ فِيْ اَيْكِهَا الْاَطْيَارُ وَهَمَعَتْ بِوَبْلِهَا

ایسی رحمت جو بڑھتی رہے اور دائم رہے جب تک بھی درختوں کے جھنڈ میں پرندچہچہاتے رہیں

الدِّيْمَةُ الْمِدْرَارُ ضَاعَفَ اللّٰهُ عَلَيْهِ دَآئِمَ صَلَوَاتِهٖ

اور موسلا دھار بارش مینہ برساتی رہے، اللہ ان پر اپنی دائمی رحمت کو روز افزوں بنائے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الْكِرَامِ

اے اللہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور ان کی پاک طینت بزرگ خصلت آل پر رحمت نازل فرما

صَلٰوةً مَّوْصُوْلَةً دَآئِمَةَ الْاِتِّصَالِ بِدَوَامِ ذِي الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

ایسی رحمت جو مسلسل اور ہمیشہ رہے جلال واکرام والے خدا کی ہمیشگی تک

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ هُوَ قُطْبُ الْجَلَالَةِ وَشَمْسُ

اے اللہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رحمت نازل فرما جو کہ قطب عظمت اور آفتاب نبوت ورسالت

النُّبُوَّةِ وَالرِّسَالَةِ وَالْهَادِيْ مِنَ الضَّلَالَةِ وَالْمُنْقِذُ مِنَ

اور گمراہی سے بچانے والے اور جہالت سے نکالنے والے ہیں، اللہ کا ان پر

الْجَهَالَةِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةً دَآئِمَةَ الْاِتِّصَالِ

صلوٰۃ وسلام ہوا ایسا کہ جس کا تسلسل واتصال دائمی ہو اور دن اور رات کے

وَالتَّوَالِيْ مُتَعَاقِبَةً بِتَعَاقُبِ الْاَيَّامِ وَاللَّيَالِيْ

پے در پے رہنے تک پے در پے ہو

آٹھویں منزل بروز پیر

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الزَّاهِدِ رَسُوْلِ الْمَلِكِ

الٰہی سیدنا محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جو زہد والے نبی ہیں اور ایک اکیلے اللہ

الصَّمَدِ الْوَاحِدِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةً دَآئِمَةً

بے نیاز شہنشاہ کے پیغمبر ہیں اللہ کا ان پر صلوٰۃ وسلام ہو ایسی صلوٰۃ جو ہمیشہ

اِلٰى مُنْتَهَى الْاَبَدِ بِلَا انْقِطَاعٍ وَّلَا نَفَادٍ صَلٰوةً

رہے انتہاء ابد تک بلا انقطاع اور بلا اختتام ایسی صلوٰۃ جس کے طفیل

تُنْجِيْنَا بِهَا مِنْ حَرِّ جَهَنَّمَ وَبِئْسَ الْمِهَادُ

ہمیں سوزش جہنم سے نجات بخشے اور وہ برا ٹھکانا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ

الٰہی سیدنا محمد ﷺ نبی امی پر اور ان کی آل پر صلوٰۃ وسلام نازل فرما ایسی صلوٰۃ

وَسَلِّمْ صَلٰوةً لَّا يُحْصٰى لَهَا عَدَدٌ وَّلَا يُعَدُّ لَهَا مَدَدٌ

جس کی گنتی نہ ہو سکے اور جس کا سلسلہ شمار میں نہ آ سکے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُكْرِمُ بِهَا مَثْوَاهُ وَتُبَلِّغُ

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما ایسی رحمت کہ تو اس سے ان کی آرامگاہ کی

بِهَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنَ الشَّفَاعَةِ رِضَاهُ

حرمت بڑھائے اور اس سے بروز قیامت شفاعت کو ان کی مرضی کی حد تک پہنچا دے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ ۨ النَّبِيِّ الْاَصِيْلِ السَّيِّدِ

الٰہی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رحمت نازل فرما جو اصل کے اعتبار سے نبی ہیں، سردار ہیں،

النَّبِيْلِ الَّذِىْ جَآءَ بِالْوَحْيِ وَالتَّنْزِيْلِ وَاَوْضَحَ بَيَانَ

صاحب شرف ہیں جو وحی اور قرآن لے کر آئے اور تفسیر کے بیان کو واضح کیا

التَّأْوِيْلِ وَجَآءَهُ الْاَمِيْنُ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

اور ان کے پاس جبریل امین علیہ السلام احترام و عظمت کرتے ہوئے آئے

بِالْكَرَامَةِ وَالتَّفْضِيْلِ وَاَسْرٰى بِهِ الْمَلِكُ الْجَلِيْلُ فِي

اور شب تاریک و دراز میں راتوں رات ان کو بادشاہ باعظمت لے کر گئے

اللَّيْلِ الْبَهِيْمِ الطَّوِيْلِ فَكَشَفَ لَهٗ عَنْ اَعْلَى

پس ان کے لئے بلند ترین عالم ملکوت کے پردے اٹھا دیئے

الْمَلَكُوْتِ وَاَرَاهُ سَنَآءَ الْجَبَرُوْتِ وَنَظَرَ اِلٰى قُدْرَةِ

اور ان کو عالم جبروت کی رفعت کا نظارہ کرایا اور انہوں نے حیات و دوام

الْحَيِّ الدَّائِمِ الْبَاقِي الَّذِىْ لَا يَمُوْتُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

اور بقا والی ذات کی قدرت کا مشاہدہ کیا وہ ذات جسے کبھی فنا نہیں اللہ کا صلوٰۃ وسلام

وَسَلَّمَ صَلٰوةً مَّقْرُوْنَةً بِالْجَمَالِ وَالْحُسْنِ وَالْكَمَالِ

نازل ہو ان پر ایسی صلوٰۃ جو حسن و جمال اور کمال اور خیر و انعام

وَالْخَيْرِ وَالْاِفْضَالِ

سے ملی ہوئی ہو

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْاَقْطَارِ

اے اللہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بارش کے قطروں کے بقدر رحمت نازل

وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ اَوْرَاقِ الْاَشْجَارِ

فرما اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درختوں کے پتوں کے بقدر رحمت

وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ زَبَدِ الْبِحَارِ

نازل فرما اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سمندروں کی جھاگ کے

وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْاَنْهَارِ

بقدر رحمت نازل فرما اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نہروں کی تعداد کے

وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ رَمْلِ

برابر رحمت نازل فرما اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جنگلوں اور

الصَّحَارٰى وَالْقِفَارِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ مُحَمَّدٍ

بیابانوں کی ریت کے بقدر رحمت نازل فرما اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

عَدَدَ ثِقْلِ الْجِبَالِ وَالْاَحْجَارِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

پر پہاڑوں اور پتھروں کے بوجھ کے بقدر رحمت نازل فرما اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور

اٰلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَاَهْلِ النَّارِ وَصَلِّ عَلٰى

آل سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جنتیوں اور دوزخیوں کے شمار کے برابر رحمت نازل فرما اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر

مُحَمَّدٍ وَ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْاَبْرَارِ وَالْفُجَّارِ

اور آل سیدنا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر نیکوں اور بدوں کے شمار کے برابر رحمت نازل فرما اور

وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا يَخْتَلِفُ بِهِ

سیدنا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر اور آل سیدنا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر ان چیزوں کی تعداد کے برابر رحمت نازل فرما

اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَاجْعَلِ اللّٰهُمَّ صَلَاتَنَا عَلَيْهِ حِجَابًا مِّنْ

جن پر رات اور دن کا آنا جانا ہے اور اے اللہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر ہمارے اس درود کو

عَذَابِ النَّارِ وَسَبَبًا لِاِبَاحَةِ دَارِ الْقَرَارِ اِنَّكَ اَنْتَ

عذاب دوزخ سے آڑ اور بہشت کی اجازت کا سبب بنادے بے شک تو غلبہ والا

الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِهِ

اور بخشنے والا ہے اور اللہ رحمت نازل فرمائے سیدنا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر اور ان کی پاکیزہ آل

الطَّيِّبِيْنَ وَذُرِّيَّتِهِ الْمُبَارَكِيْنَ وَصَحَابَتِهِ الْاَكْرَمِيْنَ

اور مبارک ذریت اور معزز ترین صحابہ اور ان کی بیبیوں پر

وَاَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ صَلٰوةً مَّوْصُوْلَةً تَتَرَدَّدُ

جو مسلمانوں کی مائیں ہیں ایسی رحمت جو روز جزا تک مسلسل ہو

اِلٰی يَوْمِ الدِّيْنِ

اور مکرر ہوتی رہے

١ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَيِّدِ الْاَبْرَارِ وَزَيْنِ الْمُرْسَلِيْنَ

اے اللہ اس ذات (محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم) پر رحمت نازل فرما جو تمام صلحاء کے سردار اور پاک پیغمبروں

اَلْاَخْیَارِ وَاَکْرَمِ مَنْ اَظْلَمَ عَلَیْهِ اللَّیْلُ وَاَشْرَقَ

کی زینت ہیں اوران تمام لوگوں میں بزرگ تر ہیں جن پر رات تاریکی ڈالتی اور

عَلَیْهِ النَّهَارُ

دن روشنی ڈالتا ہے

❷ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِ الْاَبْرَارِ وَزَیْنِ الْمُرْسَلِیْنَ

اے اللہ اس ذات (محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر رحمت نازل فرما جو تمام صلحاء کے سردار اور پاک پیغمبروں

اَلْاَخْیَارِ وَاَکْرَمِ مَنْ اَظْلَمَ عَلَیْهِ اللَّیْلُ وَاَشْرَقَ

کی زینت ہیں اوران تمام لوگوں میں بزرگ تر ہیں جن پر رات تاریکی ڈالتی اور

عَلَیْهِ النَّهَارُ

دن روشنی ڈالتا ہے

❸ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِ الْاَبْرَارِ وَزَیْنِ الْمُرْسَلِیْنَ

اے اللہ اس ذات (محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر رحمت نازل فرما جو تمام صلحاء کے سردار اور پاک پیغمبروں

اَلْاَخْیَارِ وَاَکْرَمِ مَنْ اَظْلَمَ عَلَیْهِ اللَّیْلُ وَاَشْرَقَ

کی زینت ہیں اوران تمام لوگوں میں بزرگ تر ہیں جن پر رات تاریکی ڈالتی اور

عَلَیْهِ النَّهَارُ

دن روشنی ڈالتا ہے

اَللّٰهُمَّ یَا ذَا الْمَنِّ الَّذِیْ لَا یُکَافٰی اِمْتِنَانُهٗ وَالطَّوْلِ

اے اللہ اے ایسے احسان والے جس کی احسان مندی کا حق ادا نہیں ہوسکتا اور اے ایسی

الَّذِیْ لَایُجَازٰی اِنْعَامُهٗ وَاِحْسَانُهٗ نَسْأَلُكَ بِكَ

عطا والے جس کے انعام واکرام کا بدلہ نہیں دیا جا سکتا، ہم تجھ سے تیرا ہی واسطہ

وَلَانَسْأَلُكَ بِاَحَدٍ غَیْرِكَ اَنْ تُطْلِقَ اَلْسِنَتَنَا عِنْدَ

دے کر مانگتے ہیں اور تجھ سے کسی غیر کا واسطہ دے کر نہیں مانگتے کہ ہماری

السُّؤَالِ وَتُوَفِّقَنَا لِصَالِحِ الْاَعْمَالِ وَتَجْعَلَنَا مِنَ

زبانوں کو سوال کے وقت چلا دینا اور ہمیں نیک اعمال کی توفیق دے اور

الْاٰمِنِیْنَ یَوْمَ الرَّجْفِ وَالزَّلَازِلِ یَاذَاالْعِزَّةِ

ہمیں لرزہ اور زلزلوں کے دن میں بے خوف کر دینا اے عزت وجلال والے

وَالْجَلَالِ اَسْأَلُكَ یَا نُوْرَ النُّوْرِ قَبْلَ الْاَزْمِنَةِ

میں تجھ سے سوال کرتا ہوں، اے نوروں کے نور، اوقات اور زمانوں سے

وَالدُّهُوْرِ اَنْتَ الْبَاقِیْ بِلَازَوَالٍ اَلْغَنِیُّ بِلَامِثَالٍ

پہلے سے تو ایسا باقی ہے جسے زوال نہیں، ایسا غنی ہے جس کی نظیر نہیں،

اَلْقُدُّوْسُ الطَّاهِرُ الْعَلِیُّ الْقَاهِرُ الَّذِیْ لَایُحِیْطُ بِهٖ

ایسا پاک منزہ برتر اور غالب ہے جسے نہ کوئی جگہ گھیر سکے اور نہ

مَکَانٌ وَلَایَشْتَمِلُ عَلَیْهِ زَمَانٌ اَسْئَلُكَ بِاَسْمَآئِكَ

زمانہ اس پر مشتمل ہو سکے، میں تجھ سے مانگتا ہوں بوسیلہ تیرے

الْحُسْنٰی کُلِّهَا وَبِاَعْظَمِ اَسْمَائِكَ اِلَیْكَ وَاَشْرَفِهَا

تمام اسماء حسنیٰ اور تیرے اس نام کے جو تیرے نزدیک اعظم واشرف مرتبہ والا

عِنْدَكَ مَنْزِلَةً وَاَجْزَلِهَا عِنْدَكَ ثَوَابًا وَاَسْرَعِهَا مِنْكَ

اور کثیر ثواب والا اور جلد قبولیت والا ہے اور بطفیل

اِجَابَةً وَبِاسْمِكَ الْمَخْزُوْنِ الْمَكْنُوْنِ الْجَلِيْلِ الْاَجَلِّ

تیرے مستور و مخفی، جلیل الشان، کبیر و اکبر، عظیم

الْكَبِيْرِ الْاَكْبَرِ الْعَظِيْمِ الْاَعْظَمِ الَّذِىْ تُحِبُّهٗ

و اعظم نام کے جسے تو محبوب و پسندیدہ سمجھتا ہے کہ کوئی

وَتَرْضٰى عَمَّنْ دَعَاكَ بِهٖ وَتَسْتَجِيْبُ لَهٗ دُعَآءَهٗ

تجھے اس نام سے پکارے اور تو اس کی دعا قبول فرمائے

اَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ بِلَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ بَدِيْعُ

میں تجھ سے مانگتا ہوں اے اللہ بواسطہ اس کلمہ طیبہ کے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو بے حد

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ عَالِمُ

شفقت و احسان والا ہے، آسمانوں اور زمین کا موجد ہے، صاحب جلال و احترام ہے،

الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ وَاَسْئَلُكَ

غائب و حاضر کا جاننے والا ہے، بڑی شان والا اور بلند ترین ہے اور تجھ سے

بِاسْمِكَ الْعَظِيْمِ الْاَعْظَمِ الَّذِىْ اِذَا دُعِيْتَ بِهٖ

مانگتا ہوں تیرے اسم اعظم کی برکت سے، جس کی شان یہ ہے کہ جب اس کے ذریعہ

اَجَبْتَ وَاِذَا سُئِلْتَ بِهٖ اَعْطَيْتَ وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ

تجھ سے دعا مانگی گئی تو تو نے قبول فرمائی اور جب کوئی چیز طلب کی گئی تو تو نے عطا فرمائی

اَلَّذِیْ یَذِلُّ لِعَظَمَتِهٖ الْعُظَمَآءُ وَالْمُلُوْكُ وَالسِّبَاعُ

اور میں تجھ سے تیرے اس نام کے واسطہ سے مانگتا ہوں جس کی عظمت کے سامنے بڑے بڑے

وَالْهَوَامُّ وَكُلُّ شَیْءٍ خَلَقْتَهٗ یَا اَللّٰهُ یَا رَبِّ اسْتَجِبْ

لوگ اور سلاطین اور درندے اور حشرات الارض اور ہر چیز جسے تو نے پیدا فرمایا ہے جھک جاتے

دَعْوَتِیْ یَا مَنْ لَّهُ الْعِزَّةُ وَالْجَبَرُوْتُ یَا ذَا الْمُلْكِ

ہیں اے اللہ اے پروردگار میری دعا قبول فرمالے اے وہ ذات کہ اسی کو غلبہ اور تسلط

وَالْمَلَكُوْتِ یَا مَنْ هُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ سُبْحَانَكَ رَبِّ

حاصل ہے، اے ملک وملکوت والے، اے وہ حیات والے جسے فنا نہیں، اے میرے رب تو پاک

مَا اَعْظَمَ شَاْنُكَ وَاَرْفَعَ مَكَانُكَ اَنْتَ رَبِّیْ یَا مُتَقَدِّسًا

ہے، تیری شان کتنی بڑی ہے اور تیرا مرتبہ کتنا بلند ہے، تو ہی میرا رب ہے،

فِیْ جَبَرُوْتِهٖ اِلَیْكَ اَرْغَبُ وَاِیَّاكَ اَرْهَبُ یَا عَظِیْمُ

اے اپنی جبروتی شان میں پاک ذات، میں تیری ہی طرف جھکتا ہوں اور تجھ ہی سے ڈرتا ہوں

یَا كَبِیْرُ یَا جَبَّارُ یَا قَادِرُ یَا قَوِیُّ تَبَارَكْتَ یَا عَظِیْمُ

اے عظمت وکبریائی والے، اے جبار، اے قدرت وقوت والے تو بڑی برکت والا ہے،

تَعَالَیْتَ یَا عَلِیْمُ سُبْحَانَكَ یَا عَظِیْمُ سُبْحَانَكَ

اے عظمت والے تو عالیشان ہے، اے علم والے تو پاک ہے، اے باعظمت تو پاک ہے،

یَا جَلِیْلُ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْعَظِیْمِ التَّآمِّ الْكَبِیْرِ اَنْ

اے عزت والے میں تجھ سے تیرے باعظمت وکامل اور بڑے نام کا واسطہ دے کر مانگتا

لَّاتُسَلِّطْ عَلَيْنَا جَبَّارًا عَنِيْدًا وَّلَاشَيْطَانًا مَّرِيْدًا

ہوں کہ مسلط نہ فرمانا ہم پر کسی جابر وشریر کو اور نہ کسی سرکش شیطان کو

وَّلَااِنْسَانًا حَسُوْدًا وَّلَاضَعِيْفًا مِّنْ خَلْقِكَ وَّلَاشَدِيْدًا

اور نہ حاسد انسان کو اور نہ اپنی مخلوق میں سے کسی کمزور کو، نہ ہی زور آور کو

وَّلَابَآرًّا وَّلَافَاجِرًا وَّلَاعَنِيْدًا وَّلَاعَتِيْدًا اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ

اور نہ کسی نیک کو اور نہ بد کو اور نہ کسی حرص والے کو نہ شرارت والے کو، اے اللہ

اَسْئَلُكَ فَاِنِّيْ اَشْهَدُ اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآاِلٰهَ اِلَّا

میں تجھ سے مانگتا ہوں کیونکہ میں دل سے مانتا ہوں کہ تو ہی اللہ ہے تیرے علاوہ کوئی

اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ

معبود نہیں، تو اکیلا ہے، یکتا ہے، بے نیاز ہے جو ولد اور والد ہونے سے منزہ ہے

وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ يَاهُوَ يَامَنْ لَّاهُوَ اِلَّا هُوَ يَامَنْ

اور اس کا کوئی ہمسر نہیں، اے وہی، اے وہ کہ بس وہی وہ ہے، اے وہ ذات

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يَا اَزَلِيُّ يَا اَبَدِيُّ يَا دَهْرِيُّ يَا دَيْمُوْمِيُّ

کہ کوئی معبود نہیں مگر وہی، اے ازلی، اے ابدی، اے قائم، اے دائم،

يَامَنْ هُوَ الْحَيُّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ يَااِلٰهَنَا وَاِلٰهَ كُلِّ شَيْءٍ

اے وہ حیات والے جسے فنا نہیں، اے ہمارے معبود اور ہر چیز کے معبود،

اِلٰهًا وَاحِدًا لَآاِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

تن تنہا معبود، تیرے سوا کوئی معبود نہیں

اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ

اے اللہ آسمانوں اور زمین کے موجد، غائب وحاضر کے جاننے والے،

وَالشَّهَادَةِ الرَّحْمٰنَ الرَّحِيْمَ الْحَیَّ الْقَيُّوْمَ الدَّيَّانَ

رحمن ورحیم حی وقیوم، بیش بہا عطا کرنے والے

الْحَنَّانَ الْمَنَّانَ الْبَاعِثَ الْوَارِثَ ذَاالْجَلَالِ

احسان واکرام کرنے والے، مالک حشر، سب کے وارث، صاحب جلال

وَالْاِكْرَامِ قُلُوْبُ الْخَلَآئِقِ بِيَدِكَ نَوَاصِيْهِمْ اِلَيْكَ

واکرام، تمام مخلوقات کے قلوب تیرے قبضہ میں ہیں، سب کی پیشانیاں تیرے ہاتھ میں

فَاَنْتَ تَزْرَعُ الْخَيْرَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ وَتَمْحُو الشَّرَّ اِذَا

ہیں، تو ہی خیر کو ان کے دلوں میں پروان چڑھاتا ہے اور شر کو مٹاتا ہے جب

شِئْتَ مِنْهُمْ فَاَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ اَنْ تَمْحُوَ مِنْ قَلْبِیْ

چاہتا ہے، پس میں تجھ سے التجا کرتا ہوں اے اللہ کہ میرے قلب سے ہر وہ شے

كُلَّ شَیْءٍ تَكْرَهُهٗ وَاَنْ تَحْشُوَ قَلْبِیْ مِنْ خَشْيَتِكَ

مٹادے جو تجھے ناپسند ہو اور میرے قلب میں اپنا خوف اور اپنی معرفت اور

وَمَعْرِفَتِكَ وَرَهْبَتِكَ وَالرَّغْبَةَ فِيْمَا عِنْدَكَ وَالْاَمْنَ

اپنا ڈر اور اپنے پاس کی چیزوں کی رغبت اور امن وعافیت بھر دے

وَالْعَافِيَةَ وَاعْطِفْ عَلَيْنَا بِالرَّحْمَةِ وَالْبَرَكَةِ مِنْكَ

اور ہم پر اپنی رحمت وبرکت سے نظر شفقت فرما

وَاَلْهِمْنَا الصَّوَابَ وَالْحِكْمَةَ فَنَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ عِلْمَ

اور ہمیں اصابت اور دانش بخش دے، اے اللہ ہم تجھ سے

الْخَآئِفِيْنَ وَاِنَابَةَ الْمُخْبِتِيْنَ وَاِخْلَاصَ الْمُوْقِنِيْنَ

ڈرنے والوں جیسا علم اور تیرے سامنے جھکنے والوں جیسی توجہ اور اہل یقین جیسا اخلاص

وَشُكْرَ الصَّابِرِيْنَ وَتَوْبَةَ الصِّدِّيْقِيْنَ وَنَسْئَلُكَ

اور صابروں کے جیسا شکر اور صدیقین کے جیسی توبہ مانگتے ہیں اور اے اللہ ہم تجھ

اللّٰهُمَّ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِىْ مَلَاَ اَرْكَانَ عَرْشِكَ اَنْ

سے تیری ذات کے اس نور کے طفیل مانگتے ہیں کہ جس نے تیرے عرش کے گوشوں کو

تَزْرَعَ فِىْ قَلْبِىْ مَعْرِفَتَكَ حَتّٰى اَعْرِفَكَ حَقَّ مَعْرِفَتِكَ

پُر کر دیا کہ میرے قلب میں اپنی معرفت کو اُگا دے تا کہ میں تجھے ایسا پہچانوں

كَمَا يَنْبَغِىْ اَنْ تُعْرَفَ بِهٖ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا

جیسا پہچاننے کا حق ہے اور جیسا پہچانا جانا تیرے شایانِ شان ہے اور اللہ کی رحمت نازل

وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ خَاتِمِ النَّبِيِّيْنَ وَاِمَامِ الْمُرْسَلِيْنَ

ہو سیدنا و نبینا و مولانا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو نبیوں میں آخری نبی اور پیغمبروں کے امام ہیں

وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ

اور ان کی آل اور صحابہ پر اور سلام نازل فرما اور ہر تعریف اللہ رب العٰلمین کو زیبا ہے

الْعٰلَمِيْنَ وَهُوَ حَسْبُنَا وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ وَلَاحَوْلَ

اور وہی ہمیں کافی ہے اور وہ بڑا اچھا کارساز ہے اور نہ زور ہے

وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

نہ طاقت مگر اللہ برتر و باعظمت کی طرف سے

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِمُؤَلِّفِهٖ وَلِقَارِئِهٖ وَلِكَاتِبِهٖ وَارْحَمْهُمْ

اے اللہ اس کتاب کے مؤلف اور اس کتاب کے پڑھنے والے اور لکھنے والے کی مغفرت فرما

وَاجْعَلْهُمْ مِنَ الْمَحْشُوْرِيْنَ فِيْ زُمْرَةِ النَّبِيِّيْنَ

اور ان پر رحم فرما اور انہیں اپنے فضل سے ان لوگوں میں شامل فرما جن کا حشر قیامت کے

وَالصِّدِّيْقِيْنَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ بِفَضْلِكَ يَارَحْمٰنُ وَاغْفِرْ

دن انبیاء علیہم السلام اور صدیقین کے ساتھ ہوگا اے بے حد رحم کرنے والے اور

اَللّٰهُمَّ لِمُصَحِّحِهٖ عَبْدِكَ مُحَمَّدْ عَبْدِالْحَقِّ وَلِوَالِدَيْهِ

اے اللہ اس کتاب کی تصحیح کرنے والے تیرے بندے محمد عبدالحق کی اور اس کے

وَاَشْيَاخِهٖ وَلِجَمِيْعِ الْمُسْلِمِيْنَ وَاَجَازَهٗ لِلشَّيْخ وَلِي

والدین کی اور اس کے مشائخ کی اور تمام مسلمانوں کی مغفرت فرما اور عبدالحق نے اس کتاب

اَحْمَدَ وَاَجَازَهٗ لِلشَّيْخ مُحَمَّدْ قَمَرْ وَاَجَازَهٗ لِلشَّيْخ

کے پڑھنے کی اجازت دی شیخ ولی احمد کو اور انہوں نے شیخ محمد قمر کو اجازت دی اور انہوں

فَضَل مُحَمَّدْ وَاَجَازَهٗ لِلشَّيْخ شَمْسِ الرَّحْمٰنِ اَدَامَ

نے شیخ فضل محمد کو اجازت دی اور انہوں نے مولانا شمس الرحمن صاحب کو اجازت دی اللہ تعالیٰ

اللّٰهُ بَرَكَاتِهٖ وَمَتَّعَنَا بِطُوْلِ حَيَاتِهٖ

حضرت کی برکات کو دوام بخشے اور حضرت کو لمبی زندگی عطا فرما کر ہمیں ان سے فائدہ پہنچائے

واجازۃ للاخ/للاخت ....

اور مولانا شمس الرحمن صاحب نے اجازت دی..........کو

واجاز..........للاخ/للاخت..................

اور انہوں نے اجازت دی..........کو

وَاغْفِرِ اللّٰهُمَّ لِمُصَحِّحِهٖ وَمُرَتِّبِهٖ عَبْدِكَ سَعْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّزَّاقِ

اور اے اللہ اس موجودہ کتاب کو ترتیب دینے والے اور اس کی تصحیح کرنے والے تیرے بندے

وَلِوَالِدَيْهِ وَلِاَخِيْهِ وَلِاَهْلِهٖ وَلِشَيْخِهٖ وَاصِفِ بْنِ مَنْظُوْرٍ

سعد عبد الرزاق کی اور اس کے والدین کی اور اس کے بھائی کی اور اس کے گھر والوں کی اور اس

وَلِاَسَاتِذَتِهٖ وَلِاَشْيَاخِهٖ وَلِمَنْ اَعَانُوْهُ فِيْ تَصْحِيْحِ

کے شیخ حضرت واصف منظور صاحب کی اور اس کے اساتذہ کرام کی اور اس کے مشائخ کی اور

وَاِشَاعَةِ هٰذَا الْكِتَابِ وَاغْفِرِ اللّٰهُمَّ لَنَا وَلِوَالِدِيْنَا

ان تمام لوگوں کی جنہوں نے اس کتاب کی تصحیح اور اشاعت میں سعد کی مدد فرمائی سب کی مغفرت

وَلِاُسْتَاذِيْنَا وَلِمَشَائِخِنَا وَلِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ

فرما اور اے اللہ ہمیں ہمارے والدین کو اور ہمارے اساتذہ کو اور ہمارے مشائخ کو اور تمام

وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْيَاءِ مِنْهُمْ

مؤمنین اور مؤمنات کو اور تمام مسلمان مردوں اور عورتوں کو چاہے وہ زندہ ہوں یا ان کا انتقال

وَالْاَمْوَاتِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

ہو چکا ہو اپنی رحمت سے بخش دے اے سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والے

ذیل میں دیئے گئے چاروں درود شریف کو چودہ چودہ بار پڑھیئے

❶ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى بَدْرِ التَّمَامِ

اے اللہ چودھویں رات کے پورے چاند (محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) پر رحمت نازل فرما

❷ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى نُوْرِ الظَّلَامِ

اے اللہ اندھیروں کی روشنی (محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) پر رحمت نازل فرما

❸ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مِفْتَاحِ دَارِ السَّلَامِ

اے اللہ سلامتی کے گھر (جنت) کی چابی (محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) پر رحمت نازل فرما

❹ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى الشَّفِيْعِ فِيْ جَمِيْعِ الْاَنَامِ

اے اللہ تمام عالم کی شفاعت کرنے والے (محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) پر رحمت نازل فرما

اس کے بعد ان اشعار کو پڑھیئے

يَا رَحْمَةَ اللّٰهِ اِنِّيْ خَآئِفٌ وَجِلٌ

اے اللہ کی طرف سے رحمت بے شک میں خوفزدہ اور لرزاں ہوں

يَانِعْمَةَ اللّٰهِ اِنِّيْ مُفْلِسٌ عَانٍ

اے اللہ کی طرف سے نعمت بے شک میں محتاج اور عاجز ہوں

وَلَيْسَ لِيْ عَمَلٌ اَلْقَى الْعَلِيْمَ بِهٖ

میرے پاس کوئی ایسا عمل نہیں جس کے ساتھ میں اس علیم ذات کی بارگاہ میں حاضری دوں

سِوٰى مَحَبَّتِكَ الْعُظْمٰى وَاِيْمَانِيْ

میرے پاس سوائے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عظیم محبت اور ایمان کے کچھ بھی نہیں

فَكُنْ اَمَانِيْ مِنْ شَرِّ الْحَيٰوةِ وَمِنْ

تو آپ زندگی کے شر سے میری پناہ بن جایئے اور

شَرِّ الْمَمَاتِ وَمِنْ اِحْرَاقِ جُثْمَانِيْ

موت کی برائی اور میرے جسم کے جلنے سے (میری پناہ بن جایئے)

وَ كُنْ غِنَایَ الَّذِیْ مَا بَعْدَهٗ فَلَسٌ

اور آپ میرے لئے ایسی تونگری کا سبب بن جایئے جس کے بعد مفلسی نہ ہو

وَ كُنْ فَكَاكِیْ مِنْ اَغْلَالِ عِصْيَانِيْ

اور میرے گناہوں کے طوقوں سے میری رہائی کا سبب بن جایئے

تَحِيَّةُ الصَّمَدِ الْمَوْلٰى وَرَحْمَتُهٗ

اللہ مالک بے نیاز کا تحفہ اور اس کی رحمت

مَا غَنَّتِ الْوُرْقُ فِيْ اَوْرَاقِ اَغْصَانِ

جب تک شاخوں کے پتوں پر قمریاں آپ کی عظمت کے گیت گنگناتی رہیں

عَلَيْكَ يَا عُرْوَتِيَ الْوُثْقٰى وَيَاسَنَدِیْ

آپ کی ذات پر بھروسہ ہے آپ میرے لئے مضبوط سہارا اور قابل اعتماد ذات ہیں

اَلْاَوْفٰى وَمَنْ مَّدْحُهٗ رَوْحِيْ وَرَيْحَانِيْ

کامل، اور وہ کہ جن کی تعریف میرے لئے راحت اور فرحت کا سبب ہے

پھر ان اشعار کو پڑھیے

نَبِيَّ الْهُدٰى ضَاقَتْ بِيَ الْحَالُ فِي الْوَرٰى

اے ہدایت فرمانے والے نبی اس دنیا میں میرا حال تنگ ہو گیا

وَاَنْتَ لِمَآ اَمَّلْتُ فِيكَ جَدِيْرٌ

اور آپ ہی وہ ذات ہیں کہ میں آپ سے کوئی تمنا کر سکوں

فَسَلْ خَالِقِيْ تَفْرِيْجَ كَرْبِيْ فَاِنَّهٗ

آپ اپنے خالق سے میرے لئے سوال (دعا) کریں کہ میری تکالیف دور ہو جائیں

عَلٰى فَرَجِيْ دُوْنَ الْاَنَامِ قَدِيْرٌ

کیونکہ تمام مخلوق کے علاوہ صرف وہی میری تکالیف کے دور کرنے پر قادر ہے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰھُمَّ اشۡرَحۡ بِالصَّلٰوۃِ عَلَیۡهِ صُدُوۡرَنَا وَیَسِّرۡبِھَا

الٰہی آنحضرت ﷺ پر درود پڑھنے کی برکت سے ہمارے سینے کھول دے اور اس کی برکت سے

اُمُوۡرَنَا وَفَرِّجۡ بِھَا ھُمُوۡمَنَا وَاکۡشِفۡ بِھَا غُمُوۡمَنَا

ہمارے کام آسان فرما اور اس کی برکت سے ہمارے فکر دفع فرما اور اس کی برکت سے ہمارے غم زائل فرما

وَاغۡفِرۡ بِھَا ذُنُوۡبَنَا وَاقۡضِ بِھَا دُیُوۡنَنَا وَاَصۡلِحۡ بِھَا

اور اس کی برکت سے ہمارے گناہ بخش دے اور اس کی برکت سے ہمارے قرض ادا کردے اور ان کی برکت سے

اَحۡوَالَنَا وَبَلِّغۡ بِھَا اٰمَالَنَا وَتَقَبَّلۡ بِھَا تَوۡبَتَنَا وَاغۡسِلۡ

ہماری حالتیں سنوار دے اور اس کی برکت سے ہماری مرادیں پوری فرما اور اس کی برکت سے ہماری توبہ قبول فرما

بِھَا حُوۡبَتَنَا وَانۡصُرۡ بِھَا حُجَّتَنَا وَطَھِّرۡبِھَا اَلۡسِنَتَنَا

اور اس کی برکت سے ہماری خطاؤں کو دھودے اور اس کی برکت سے ہماری حجت کو غلبہ بخش اور اس کی برکت سے

وَاٰنِسۡ بِھَا وَحۡشَتَنَا وَارۡحَمۡ بِھَا غُرۡبَتَنَا وَاجۡعَلۡھَا

ہماری زبانوں کو پاک کردے اور اس کی برکت سے ہماری وحشت کو انس سے بدل دے اور ہماری کس مپرسی پر رحم فرما

نُوۡرًا بَیۡنَ اَیۡدِیۡنَا وَمِنۡ خَلۡفِنَا وَعَنۡ اَیۡمَانِنَا وَعَنۡ

اور اس کو نور بنادے ہمارے آگے اور پیچھے اور داہنے اور بائیں

شَمَآئِلِنَا وَمِنۡ فَوۡقِنَا وَمِنۡ تَحۡتِنَا وَفِیۡ حَیَاتِنَا

اور اوپر اور نیچے اور ہمارے جینے اور مرنے میں

وَمَوْتِنَا وَفِيْ قُبُوْرِنَا وَحَشْرِنَا وَنَشْرِنَا وَظِلًّا فِيْ يَوْمِ

اور ہماری قبروں میں اور حشر ونشر میں اور اسے بروز قیامت ہمارے سروں پر سایہ بنادے

الْقِيٰمَةِ عَلٰى رُؤُوْسِنَا وَثَقِّلْ بِهَا مَوَازِيْنَ حَسَنَاتِنَا

اور اس کی برکت سے ہماری نیکیوں کے پلڑے وزنی کردے

وَاَدِمْ بَرَكَاتِهَا عَلَيْنَا حَتّٰى نَلْقٰى نَبِيَّنَا وَسَيِّدَنَا

اور اس کی برکتیں ہم پر ہمیشہ رکھ یہاں تک کہ ہم اپنے نبی وآقا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ملیں

مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ اٰمِنُوْنَ

اس حال میں کہ ہم بے خوف ومطمئن اور فرحاں وشاداں ہوں

مُطْمَئِنُّوْنَ فَرِحُوْنَ مُسْتَبْشِرُوْنَ وَلَا تُفَرِّقْ بَيْنَنَا

اور ہمارے اور ان کے درمیان جدائی نہ ڈالنا

وَبَيْنَهٗ حَتّٰى تُدْخِلَنَا مُدْخَلَهٗ وَتُؤْوِيَنَا اِلٰى جِوَارِهِ الْكَرِيْمِ

یہاں تک کہ ہمیں ان کے محل میں داخل فرمائے اور ان کے محترم ہمسایہ میں ہمیں جگہ بخشے

مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ

ان حضرات کے ساتھ جن پر تو نے انعام فرمایا یعنی انبیاء وصدیقین

وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا

اور شہداء وصالحین کے ساتھ اور یہ رفیق کیا ہی اچھے ہیں

اَللّٰهُمَّ اِنَّآ اٰمَنَّا بِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ نَرَهٗ

الٰہی ہم آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لائے حالانکہ ہم نے انہیں دیکھا نہیں ہے

فَمَتِّعْنَا اللّٰهُمَّ فِي الدَّارَيْنِ بِرُؤْيَتِهٖ وَثَبِّتْ قُلُوْبَنَا عَلٰى

تو اے اللہ تو دین و دنیا میں ہمیں ان کا دیدار نصیب فرما اور ہمارے دلوں کو ان کی محبت پر

مَحَبَّتِهٖ وَاسْتَعْمِلْنَا عَلٰى سُنَّتِهٖ وَتَوَفَّنَا عَلٰى مِلَّتِهٖ

قائم رکھ اور ہمیں ان کی سنت پر عمل کرنے والا بنا اور ہمیں ان کی ملت پر موت دینا

وَاحْشُرْنَا فِيْ زُمْرَتِهِ النَّاجِيَةِ وَحِزْبِهِ الْمُفْلِحِيْنَ

اور ہمارا حشر ان کے نجات یافتہ گروہ کے ساتھ اور ان کی بامراد جماعت میں فرمانا

وَانْفَعْنَا بِمَا انْطَوَتْ عَلَيْهِ قُلُوْبُنَا مِنْ مَّحَبَّتِهٖ صَلَّى

اور ہمیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس محبت سے نفع بخشنا جس پر ہمارے قلوب مشتمل ہیں

اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ لَاجَدَّ وَلَا مَالَ وَلَا بَنِيْنَ

اس دن کہ جس دن نہ تونگری (کام آئے گی) نہ مال نہ اولاد

وَاَوْرِدْنَا حَوْضَهُ الْاَصْفٰى وَاسْقِنَا بِكَأْسِهِ الْاَوْفٰى وَيَسِّرْ

اور ہمیں ان کے صاف ترین حوض پر لانا اور ہمیں ان کے بھرپور پیالے سے پلانا

عَلَيْنَا زِيَارَةَ حَرَمِكَ وَحَرَمِهٖ مِنْ قَبْلِ اَنْ تُمِيْتَنَا

اور موت سے پہلے پہلے ہمارے لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حرم اور اپنے حرم کی زیارت آسان فرما

وَاَدِمْ عَلَيْنَا الْاِقَامَةَ بِحَرَمِكَ وَحَرَمِهٖ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

اور ہمیں اپنے حرم اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حرم میں دائمی قیام نصیب فرما

وَسَلَّمَ اِلٰى اَنْ نُّتَوَفّٰى

یہاں تک کہ ہمارا انتقال ہو جائے

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْتَشْفِعُ بِهٖ اِلَيْكَ اِذْ هُوَ اَوْجَهُ الشُّفَعَآءِ

اے اللہ ہم ان کو تیری بارگاہ میں بطور شفیع لاتے ہیں کیونکہ وہی جملہ شفعاء میں وقیع ترین ہیں

اِلَيْكَ وَنُقْسِمُ بِهٖ عَلَيْكَ اِذْ هُوَ اَعْظَمُ مَنْ اُقْسِمَ

اور ہم آپ کو ان کی قسم دیتے ہیں کیونکہ وہ ان سب میں بڑے ہیں جن کے حق کی

بِحَقِّهٖ عَلَيْكَ وَنَتَوَسَّلُ بِهٖ اِلَيْكَ اِذْ هُوَ اَقْرَبُ

آپ کو قسم دی جائے اور ہم آپ کے دربار میں ان کا وسیلہ لاتے ہیں کیونکہ وہ تمام وسیلوں میں

الْوَسَائِلِ اِلَيْكَ نَشْكُوْا اِلَيْكَ يَارَبِّ قَسْوَةَ قُلُوْبِنَا

آپ کے قریب ترین ہیں، اے ہمارے رب ہم تجھ سے شکوہ کرتے ہیں اپنی سخت دلی

وَكَثْرَةَ ذُنُوْبِنَا وَطُوْلَ اٰمَالِنَا وَفَسَادَ اَعْمَالِنَا

اور گناہوں کی کثرت اور امیدوں کے طویل ہونے اور اعمال کی خرابی

وَتَكَاسُلَنَا عَنِ الطَّاعَاتِ وَهُجُوْمَنَا عَلَى الْمُخَالَفَاتِ

اور طاعتوں سے اپنی کاہلی کا اور مخالفتوں پر گر پڑنے کا

فَنِعْمَ الْمُشْتَكٰى اِلَيْهِ اَنْتَ يَا رَبِّ بِكَ نَسْتَنْصِرُ عَلٰى

کیا ہی اچھا فریادرس ہے تو، اے پروردگار ہم تجھ سے مدد مانگتے ہیں اپنے دشمنوں

اَعْدَآئِنَا وَاَنْفُسِنَا فَانْصُرْنَا وَعَلٰى فَضْلِكَ نَتَوَكَّلُ فِيْ

اور اپنے نفسوں پر پس ہماری مدد فرما اور ہم تیرے ہی فضل پر بھروسہ رکھتے ہیں اپنی بہبود میں

صَلَاحِنَا فَلَاتَكِلْنَا اِلٰى غَيْرِكَ يَارَبَّنَا اَللّٰهُمَّ وَاِلٰى

پس ہمیں کسی دوسرے کے حوالہ نہ فرما اے ہمارے رب

جَنَابِ رَسُوْلِكَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَنْتَسِبُ

اور اے اللہ ہم تیرے ہی رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ کی طرف منسوب ہیں

فَلَا تُبَعِّدْنَا وَبِبَابِكَ نَقِفُ فَلَا تَطْرُدْنَا وَاِيَّاكَ نَسْأَلُ

پس ہمیں دور نہ فرما اور ہم تیرے ہی آستانہ پر کھڑے ہیں پس ہمیں نہ دھتکارنا اور ہم تجھ ہی سے

فَلَا تُخَيِّبْنَا اَللّٰهُمَّ ارْحَمْ تَضَرُّعَنَا وَاٰمِنْ خَوْفَنَا

مانگ رہے ہیں پس ہمیں محروم نہ فرما، اے اللہ ہماری آہ وزاری پر رحم فرما اور ہمارے خوف کو امن سے

وَتَقَبَّلْ اَعْمَالَنَا وَاَصْلِحْ اَحْوَالَنَا وَاجْعَلْ بِطَاعَتِكَ

بدل دے اور ہمارے اعمال قبول فرمالے اور ہمارے حالات سنوار دے اور اپنی طاعت کو

اشْتِغَالَنَا وَاِلَى الْخَيْرِ مَاٰلَنَا وَحَقِّقْ بِالزِّيَادَةِ

ہمارا مشغلہ اور بھلائی کی طرف ہمارا انجام بنادے اور ہماری تمنائیں مع اضافہ کے پوری فرمادے

اٰمَالَنَا وَاخْتِمْ بِالسَّعَادَةِ اٰجَالَنَا هٰذَا ذُلُّنَا ظَاهِرٌ بَيْنَ

اور ہماری عمر کا سعادت پر خاتمہ فرمانا، ہماری یہ خواری تیرے سامنے ظاہر ہے

يَدَيْكَ وَحَالُنَا لَا يَخْفٰى عَلَيْكَ اَمَرْتَنَا فَتَرَكْنَا

اور ہماری (اندرونی) حالت بھی تجھ پر پوشیدہ نہیں، تو نے ہمیں امر فرمایا تو ہم نے اسے چھوڑ دیا

وَنَهَيْتَنَا فَارْتَكَبْنَا وَلَا يَسَعُنَا اِلَّا عَفْوُكَ فَاعْفُ

اور تو نے ہمیں منع فرمایا تو ہم اسی کے مرتکب بنے اور بجز تیری معافی کے ہمارے لئے کوئی گنجائش نہیں

عَنَّا يَا خَيْرَ مَاْمُوْلٍ وَاَكْرَمَ مَسْئُوْلٍ اِنَّكَ عَفُوٌّ كَرِيْمٌ

پس ہمیں معاف فرمادے اے بہترین امیدگاہ اور بزرگ ترین داتا بے شک تو بخشنے والا شفیق و مہربان ہے

غَفُوْرٌ رَّءُوْفٌ رَّحِيْمٌ يَآاَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَ صَلَّى اللّٰهُ

اے ارحم الراحمین اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور ان کی آل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا

اور ان کے صحابہ پر اللہ رحمت نازل فرمائے اور بکثرت سلام نازل فرمائے

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

اور سب تعریفیں اللہ رب العالمین کو ہی زیبا ہیں۔